بیادگار حضرت حکیم ابوتراب خان اعظم

ماہنامہ ترجمانِ طب مصوّر راولپنڈی

شخصیتِ ابوتراب نمبر

حکیم ابوتراب خان اعظم

چیدہ چیدہ نسخہ جات

قیمت عام فی پرچہ پانچ آنے چندہ سالانہ مع اشاعتِ خاص ۴ چار روپے

جلد ۴ شمارہ نمبر ۱ و ۲

رجسٹرڈ ایل نمبر ۶۰۰۰

بابت ماہ جنوری و فروری ۱۹۵۷ء

حکیم مولوی ابوالحسن محمد احسان الحق خان حقانی لودھی مالک و ایڈیٹر پرنٹر و پبلشر نے ہمدرد
سٹیم پریس ٹرنک بازار راولپنڈی میں چھپوا کر دفتر رسالہ ترجمان طب بوہڑ بازار راولپنڈی نمبر ۲۰۰۴۴
سے شائع کیا۔

محمد یونس عزیز
03350420190

مطب ابو تراب
کے
چیدہ چیدہ نسخہ جات

آنے والے صفحات میں حضرت علامہ مجدد طب مسیح الزمان حاذق الملک حکیم ابو تراب محمد عبد الحق خان صاحب نور اللہ مرقدہ کے مطب حقانی سے چیدہ چیدہ نسخہ جات بغرض رفاہ عام درج کیے جا رہے ہیں۔ ناظرین ان سے فوائد حاصل کر کے حضرت حکیم صاحب مرحوم کی روح مبارک کو ایک دفعہ الحمد شریف، تین دفعہ قل ھو اللہ احد اور سات دفعہ درود شریف پڑھ کر ایصال ثواب پہنچا کر اپنے فرض منصبی سے سبکدوش ہوں۔ ادارہ ترجمان طب کوشش کر رہا ہے کہ حضرت صاحب مرحوم کے مطب کے تمام نسخہ جات ایک کتابی شکل میں جلد از جلد اپنے ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کر دے آپ حضرات دعا فرمائیں کہ ہم اس اہم کام سے جلد سے جلد عہدہ برآ ہو سکیں۔ آمین

خادم الطب والاطبا حکیم ابو الحسن محمد احسان الحق خان حقانی لودھی امرتسری

ایڈیٹر و مالک۔ ترجمان طب [illegible]

کاجل برائے سوزاک:۔ شاخ گوزن یا گائے کا سینگ لے کر اس کا بالائی چھلکا دور کر دیں اور اندرونی گودا لیکر اس کا برادہ کر لیں اور گائے کے گھی میں چرب کر کے روئی کے اندر رکھ کر بتی بنا لیں اور چراغ میں روغن زرد ڈال کر اس بتی کو روشن کریں اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا کر کے لٹکا دیں تاکہ کاجل اُڑ اُڑ کر اس میں لگتا رہے۔ مگر یاد رہے کہ گائے عمر دو سال سے زائد نہ ہو۔ فوائد دو ہفتہ تک آنکھ میں لگاتے رہنے سے سوزاک اور حرقت بول کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

سرمہ دافع بخار:۔ پارہ مصفی ۶ ماشہ۔ کبریت مصفی ۱ تولہ۔ سیاہ مرچ ۹ تولہ۔ اول پارہ اور کبریت کو خوب کھرل کریں کہ سیاہ ہو جائے۔ بعدہٗ دم الاخوین ڈال کر باریک کریں سرمہ سا کر کے اکیس تنشوبہ (بھاونہ) کیلے یا کریلہ کے دیں اور گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ بوقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں ہر قسم کے لئے مفید ہے

تصعید سیماب:۔ بسکھپرہ کی جڑ بنگلہ پان میں رکھیں۔ پان میں مصالحہ لگا ہو مگر چبایا نہ ہو۔ پارہ مناسب مقدار میں ہاتھ کی ہتھیلی پر ڈالیں اور بسکھپرہ کا عرق اس پر ڈال کر سیماب کو اچھی طرح ملیں۔ اسی طرح چند مرتبہ کریں حتیٰ کہ سیماب جذب ہو جائے۔ چھ ماہ کے بعد عرق کو ڈبالہ لیکر کی ہتھیلیوں پر ملیں اور مبالغہ کریں تمام پارہ تولوں سے برآمد ہو گا۔ فوائد: سن بہری۔ لقوہ۔ فالج۔ رعشہ۔ خلد۔ بواسیر دیجی

تشنج پا کے لئے مفید ہے۔ تشنج اور آتشک کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ زخم بالکل نہ رہے گا

مروارید سیال:۔ کھریا مٹی (چاک) کھکریا لائم سٹون) سنگ مرمر۔ سنگ جراحت۔ کوڑی۔ گھونگے۔ مونگا سیپ۔ موتی۔ پوست بیضہ بارہ سنگھے کا سینگ (قرن الوعل) ہڈی وغیرہ یہ سب اشیاء مختلف عناصر کیمیاوی امتزاج کی جداگانہ شکلیں ہیں۔ ان سب میں چونہ موجود ہوتا ہے ان کے کشتہ کرنے کا مقصد چونے کا حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اور سیال کرنے کی غرض یہ ہے کہ چونہ کا انجذاب نظام جسم میں زیادہ آسان اور بہتر طریقہ پر ہو۔ یہاں سیال بنانے کے ذاتی تجربے پیش کئے جاتے ہیں سیپ مروارید وغیرہ کے سفوف اور ان کے کشتے مختلف اقسام کے خالص اور محلول تیزابوں اور آب لیموں میں حل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ جب مذکورہ بالا اشیاء کے کشتے تیزاب شورہ کے محلول میں ڈالے گئے تو بآسانی حل ہو گئے۔ جیسے ہی کشتہ تیزاب سے ملے گا۔ فوراً ہی جھاگ آئیں گے اور بلبلے ٹوٹنے کی آواز آئے گی۔ یہ کاربانک ایسڈ گیس ہوتی ہے۔ اس کے بعد محلول موتی کی طرح آبدار نظر آئے گا۔ اگر کشتے کا کچھ حصہ تہ نشین ہو جائے تو مزید تیزاب محلول شامل کر دینے سے یہ حل ہو جاتا ہے۔ ایک ماشہ کشتہ مروارید یا صدف وغیرہ تقریباً ۲ ماشے تیزاب شورہ محلول میں حل ہو جاتا ہے ۔:۔ خوراک ۵ سے ۱۵ بوند۔

فوائد:- سل و دق یا استعداد دق میں مفید ہے۔ ہڈی کی کمزوری بحالت حمل یا رضاعت میں نافع ہے۔ جریان خون کو روکتا ہے۔ آلات ہضم پر اچھا اثر کرتا ہے۔

کشتہ مروارید:- مروارید ناسفتہ مصفیٰ ایک تولہ لیکر چینی کی چھوٹی سی صاف و عمدہ کھرل میں ڈال کر ان پر پانچ تولہ مقطر آب لیموں کاغذی ڈال دیں۔ اور ململ کا کپڑا باندھ دیں۔ تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے یہ کھرل متواتر ایک ہفتہ تک دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ ایک ہفتہ میں موتی چونے کی مانند شگفتہ ہو جائیں گے۔ اگر کچھ کسر باقی رہ جائے یعنی ابھی ان میں کچھ سختی ہو تو ان میں اور مقطر آب لیموں کاغذی ڈال دیں۔ اب تین چار روز میں یہ لازمی طور پر پھول جائیں گے۔ پھر انہیں کامل ایک روز عرق گلاب سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر اسے گلیہ میں رکھ کر گل حکمت کر لیں خشک ہو جانے پر کسی ہوا سے محفوظ جگہ میں دس سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیکر پھونک لیں۔ آگ ٹھنڈی ہونے پر گلیہ کو نکال کر کھرل میں پیس کر محفوظ رکھیں نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ مروارید تیار ہوتا ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک۔ دن میں دو تین بار۔

طریق استعمال:- دل کو طاقت دینے کے لیے مربہ گاجر یا مربہ آملہ پر ڈال کر دیں۔ دماغ اور قوت باہ کو ترقی دینے کے لیے دودھ مکھن یا بالائی سے دیں۔ پرانے بخار اور سوکھی کھانسی کے لیے لعوق سپستان

میں ملا کر چبائیں۔ منہ کے راستے خون آنے کو روکنے کے لئے ڈیڑھ ماشہ لاکھ کے سفوف میں کھانڈ ملا کر اس کے ہمراہ دیں۔

افعال و خواص:- یہ نہایت مفرح ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے کے واسطے نہایت مفید ہے۔ چنانچہ دل کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اور اس کی رفتار کو ٹھیک کرتا ہے۔ دل کے دھڑکنے اور پھڑکنے کے لئے نافع ہے۔ دماغ کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے۔ جن کو پڑھنے لکھنے کا کام اکثر رہتا ہے ان کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔ کیونکہ اس سے عقل و فہم اور قوت حافظہ خوب بڑھتی ہے۔ سر گھومنا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ اور سر کے خالی معلوم ہونے کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ منہ کے راستے خون آنا اس کے استعمال خاص بہت جلد رک جاتا ہے کثرت حیض اور کسی عضو سے بھی خون آنے کو روکنے کے لئے اس میں صلاحیت پائی جاتی ہے۔ جب ہلکا ہلکا بخار رہتا ہو یا بخار پرانا ہو گیا ہو تو اس کا استعمال مفید و مجرب رہتا ہے سل دق کے لئے نہایت فائدہ مند ہے۔ خشک کھانسی کو دور کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو رفع دفع کرتا ہے۔ قوت رزمی کو برانگیختہ کرتا ہے جنون۔ مالیخولیا اور اسہال مزمن میں مفید ہے۔ آنکھوں میں لگانے سے آنکھوں کے اکثر امراض کو دفع کرتا ہے۔

ماء الذہب یا طلاء سیال :- برادۂ طلاء یا ورق طلاء ۶ ماشہ تیزاب شورہ تین جزو۔ تیزاب نمک چار جزو۔ دونوں تیزاب

آپس میں ملالیں۔ اور اس میں سے بقدر ایک تولہ لے کر اس میں ورق طلا
ڈال دیں۔ کچھ دیر میں ورق حل ہو جائیں گے۔ پھر اس محلول میں تین تولے
آب مقطر شامل کر کے فلٹر کر کے محفوظ رکھیں

فوائد:۔ بقدر چار بوند اس کا استعمال عام جسمانی کمزوری
اور سل و دق میں نافع ہے۔

نقرہ سیال:۔ ورقِ نقرہ ایک تولہ تیزاب شورہ ۵ تولہ
آب مقطر تین تولہ سب کو ملا کر نرم آنچ دیں جب چاندی حل ہو جائے
دس حصے آب مقطر شامل کر کے فلٹر کر لیں۔ **خوراک** ۴ بوند

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ و اعصاب

فولاد سیال:۔ لوہے کے عمدہ تار ایک اوقیہ (۲۔ تولہ
تیزاب نمک ۴ درہم (۱۴ ماشہ) تیزاب شورہ ۳ درہم (۱۰ ماشہ)
آب مقطر ۳۵ درہم (۱۰ تولہ ۲ ماشہ) تیزاب میں آب مقطر ملا کر لوہے
کے تار اس میں ڈال دیں اور ہلکی حرارت دیں تاکہ تار حل ہو جائیں۔ اس
اس محلول کے پانچ اوقیہ (۱۲ تولہ) میں آب مقطر ۲۰ اوقیہ (۵۰ تولہ)
ملا دیں۔ **خوراک**:۔ ۵ سے ۱۵ بوند ✣

فوائد:۔ فولاد سیال زیادہ سے زیادہ خون میں جذب ہو کر
خون کے سرخ دانوں کی تعداد اور سرخی خون بڑھاتا ہے۔ نقص الدم میں
اس کا استعمال خاص ہے۔ ضعف اعصاب و عشی اختناق الرحم اور
مختلف عصبی بیماریوں میں بھی مفید پایا۔

کافور سیال :- عرق سرکہ یعنی سرکہ مقطر انگوری نہایت تند و تیز ایک تولہ میں کافور بھیم سینی ایک تولہ باریک کرکے ایک مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں ڈال کر تین روز متواتر دھوپ میں رکھیں اور خوب ہلا دیا کریں۔ انشاءاللہ کافور حل ہو جائیگا۔ پھر چھان کر نیلگوں شیشی میں ڈال کر مضبوط ڈاٹ سے بند رکھیں۔ خوراک ۱ قطرہ تک کسی مناسب حال مرض عرق کے ہمراہ مثلاً گلاب۔ گاؤزبان۔ بادیان۔ پودینہ یا پانی سے دیں۔ **فوائد** :- ہیضہ اور طاعون کے لئے حفظ ماتقدم اس کا ایک ایک قطرہ صبح و شام استعمال کرتے رہیں انشاءاللہ العزیز ان مہلک امراض سے بچا رہیگا۔ اگر ہیضہ کا حملہ ہو جائے تو اس صورت میں طریق بالا کے موافق مناسب وقفوں پر استعمال کرتے رہیں۔ دیگر امراض حارہ مثلاً تپ محرقہ و بخار موسمی و وبائی میں بھی مفید ہے۔ دموی۔ صفراوی معتدل مزاج استعمال کر سکتے ہیں۔ امزجہ باردہ میں استعمال نہ کرائیں۔

روغن برائے دردسر :- ملٹھی۔ پیپل۔ برادہ صندل سفید۔ گل نیلوفر پدماکھ ایک ایک تولہ۔ آب آملہ سبز ایک سیر۔ روغن کنجد ۱۵ تولہ۔ آملہ سبز کو لکڑی کے ہاون میں لکڑی کے دستہ کے ساتھ کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیں۔ پھر اس پانی میں باقی دوائیں کوٹ کر ملائیں اور روغن کنجد بھی ڈال دیں۔ اور نرم آنچ پر اس وقت تک پکائیں کہ پانی ختم ہو کر صرف تیل رہ جائے صاف کر کے محفوظ رکھ لیں۔ بوقت ضرورت ناک میں دو تین

قطرے ناک میں ٹپکائیں دو تین مرتبہ کے استعمال سے درد سر جاتا رہے گا۔

اکسیر نزول الماء:۔ جست ایک تولہ۔ پارہ ۲ تولہ۔ کافور بھیم سینی ۲ ماشہ۔ نوشادر پھٹکری ۲ ماشہ۔ گل چمبیلی ۱ تولہ۔ تخم سرس سیاہ چھ ماشہ۔ پہلے جست اور پارہ کو چہلبند کریں۔ پھر دو دن تک خوب کھرل کریں جب دونوں سیاہ ہو جائیں تو باقی تمام ادویہ ملا کر اکیس دن تک سحق بلیغ کرکے سرمہ بنالیں۔ صبح و شام دو دو سلائی آنکھوں میں لگایا کریں

فوائد:۔ موتیابند کو رفع کرنے میں اکسیر ہے۔

کحل نزول الماء:۔ پارہ مصفےٰ ایک ماشہ۔ کباب چینی ۴ ماشہ تخم نیلی ۲ ماشہ۔ سرمہ اصفہانی ۱ تولہ۔ ان سب دواؤں کو خوب کھرل کریں کہ بالکل باریک غبار کی طرح ہو جائیں پھر شیشی میں نگاہ رکھیں اور صبح دوپہر اور شام آنکھوں میں لگائیں **فوائد:۔** ابتدا نزول الماء میں مفید ہے۔

سرمہ برائے گل چشم:۔ غنچہ چنبیلی ۲۵ عدد۔ گل کنجد ۲۵ عدد۔ پھٹکڑی بریان ۲ ماشہ فلفل سیاہ ۵ عدد سب کو باریک کرکے سرمہ بنالیں اور آنکھ میں لگائیں۔

سفوف برہمی: مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم کشنیز۔ مغز بادیان۔ تخم خشخاش سفید۔ برہمی بوٹی ہر ایک پانچ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ سب ادویہ کا باریک سفوف کرلیں اور ہموزن مصری ملا کر محفوظ رکھیں خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد:۔ ضعف دماغ کی وجہ سے دردِ سر ہو تو اس لئے مفید ہے۔ حافظہ کو بھی تقویت دیتا ہے۔

حب جدوار:۔ مغز نارجیل مسلم ایک عدد۔ افیون خالص ۵ تولہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ زعفران۔ حب بلسان ہر ایک دو ماشہ۔ جائفل اجوائن خراسانی گوند کیکر ہر ایک ۲ ماشہ۔ جاوتری۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ مایہ شتر اعرابی۔ بادرنجبویہ۔ خولنجان ہر ایک ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۱ تولہ

نارجیل کا چھلکا صاف کریں اور اس کا ایک ٹکڑا تراش کر علیحدہ کردیں۔ پھر جدوار اور زعفران کو خوب سحق کریں اور افیون ان کے ساتھ ملا کران کو خوب کھرل کریں۔ کہ سب چیزیں یکجان ہو جائیں اور پھر انہیں نارجیل میں ڈال دیں اور اس کے سوراخ کو اسی ٹکڑے سے بند کر کے جو پہلے اتار کر رکھ دیا گیا تھا۔ اور سارے نارجیل کو آرد ماش کیا تھ گل حکمت کردیں۔ آرد ماش کی ایک انگل کے قریب موٹی تہ اس کے اوپر چڑھنی چاہیئے جب گل حکمت خشک ہو جائے تو نارجیل کو دس سیر دودھ میں نرم آگ پر پکائیں یہاں تک کہ سارے دودھ کا کھویہ بن جائے۔ بعدہٗ نارجیل کو کھوئے میں سے نکال کر اتنے روغن زرد میں بریان کریں کہ نارجیل اس میں ڈوب جائے جب نارجیل سرخ ہو جائے تو نکال لیں اور اسے اس قدر کوٹیں کہ تمام دوائیں یک جان ہو جائیں۔ جب باریک ہو جائیں تو ان میں سے سات تولہ لیکر اس کے ساتھ دوسری دوائیں شامل کر کے یک جان کریں۔ اور چنے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر دیں۔

فوائد:۔ نزلہ زکام دائمی اور قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

اطریفل سیوتی:۔ مربہ ہلیلہ دس تولہ۔ مربائے آملہ ۱۰ تولہ کو گرم پانی کے ساتھ دھو کر ریزہ ریزہ کر لیں۔ اور حسب ضرورت عرقِ گاؤزبان میں پیس کر لئے پارچہ پر کر لیں۔ پھر مویز منقیٰ ۱۰ تولہ کشمش سبز ۱۰ تولہ مغز بادام شیریں مقشر ۳ تولہ مغز تخمِ کدوئے شیریں ۲ تولہ مغز تخمِ تربوز۔ تخمِ کاہو مقشر ۱ تولہ۔ لے کر ان سب کا شیرہ نکال لیں اور ان ادویہ سے تین گنا چینی ایک قوام تیار کر لیں۔ آخر قوام میں پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ ہلیلہ کابلی ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ ۴ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ آملہ مقشر ۴ تولہ۔ گل سیوتی ۴ تولہ کشنیز خشک مقشر ۳ تولہ گاؤزبان ۲ تولہ۔ بادرنجبویہ ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ اسطوخودوس ۲ تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام کے ساتھ چرب کر کے شامل کر دیں۔ خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

فوائد:۔ ضعفِ دماغ اور نزلہ و زکام کے لئے مفید ہے۔

دردِ سر شلیہ:۔ روغن بادام چار تولہ۔ روغن گل ۴ تولہ۔ بیخ سوسن آسمانگونی کا پانی ۸ تولہ۔ تینوں کو ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی ختم ہو جائے اور صرف تیل باقی رہے تو چار تولہ ونامردہ کے پتوں کا پانی ملا کر پھر جوش دیں۔ پانی جل جائے تو صاف کر کے نوشادر دو سرخ چھالیہ [illegible] سرکہ ۳ [illegible] پیس کر روغن میں ملا کر رکھیں اور دو دو قطرہ نتھنوں میں ٹپکائیں اور [illegible] کاہو پانی میں پیس کر تالو پر لیپ کریں

فوائد:۔ شدید درد سر خار کھجلی مفید ہے جس کی وجہ سے بینائی جاتی رہتی ہے

مرہم فرنگی برائے شقیقہ:۔ انزروت ۷ ماشہ۔ مرمکی ۷ ماشہ بزرالبنج ۷ ماشہ۔ زعفران ۷ ماشہ جندبیدستر ۷ ماشہ۔ قرنفل ۷ ماشہ تخم کاہو ۷ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ اکلیل الملک ۷ ماشہ مصطگی ۷ ماشہ۔ صمغ عربی ۷ ماشہ گل بابونہ ۷ ماشہ۔ کندر ۷ ماشہ۔ بہروزہ ۲۸ ماشہ مغز سائلہ ۱۴ ماشہ رسوت مصفے ۱۴ ماشہ۔ افیون ۱۴ ماشہ۔ مقل ازرق ۱۳ ماشہ سفیدی بیضہ ۷ ماشہ سرکہ انگوری ۷۰ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۷۰ ماشہ۔

اول افیون۔ رسوت اور مقل کو سرکہ اور گلاب میں حل کریں۔ پھر اس قدر سے سفیدی بیضہ ملا کے حل کریں اور آگ پر رکھ دیں۔ جب ایک جوش آ جائے تو دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں اور خوب حل کریں بوقت حاجت کاغذ کا گول ٹکڑا کاٹ کر اس میں چسپد کر دیں اور اس میں تھوڑے دوا لگا کر گرم کر لیں اور مقام درد پر چسپاں کر دیں درد کو ساکن کرتی ہے۔

روغن موم:۔ موم سفید ۱۴ تولہ۔ نمک طعام ایک سیر۔ لوبان کوڑیہ ۲۰ تولہ۔ لبسباسہ ۲ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ جوزبوا ۲ تولہ۔ سیماب ۲ تولہ سنکھیا ۲ تولہ۔ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر موم میں ملا دیں۔ پارہ بھی اسی میں ملفوف کر دیں۔ پھر کسی مٹی کے آب نادیدہ گھڑے میں رکھ دیں اور اس کا منہ دوسرے گھڑے منہ کے ساتھ وصل اور گل حکمت کر دیں۔ دواؤں والے گھڑے کو چولہے پر سوار کر دیں۔ اور دوسرا گھڑا پانی سے بھرے ہوئے طشت پر لٹکا دیں۔ چولہے والے گھڑے پر

کپڑا پانی میں تر کر کے رکھتے رہیں۔ طشت کا پانی گرم ہو جائے تو اسے
نکال کر اس کی جگہ ٹھنڈا پانی بھر دیں۔ جب روغن نکل آئے تو اسے محفوظ
رکھیں۔ اور بوقت ضرورت مالش کریں

فوائد:۔ فالج۔ خدر۔ رعشہ۔ لقوہ۔ درد اعصاب۔ تحلیل مواد
اور درد جمع مفاصل کے لئے بیحد مفید ہے۔ نیز تقریباً طلاءً مقوی باہ اور
مجلوق کے لئے مفید ہے۔

حب ہلیلہ:۔ ہلیلہ ۵ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ پودینہ
خشک ۱ تولہ۔ تخم غنغرا ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ آب ادرک میں گولیاں بنائیں
خوراک ۲ گولی بعد طعام۔ **فوائد** سوئے ہضم کے لئے مفید ہیں۔ تبخیر
معدہ کو زائل کرتی ہیں۔ اور ثقیل غذا کے ہضم کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہیں

منجن برائے پائیوریا:۔ پوست درخت اخروٹ سوختہ ۱ تولہ۔ میگنیشیا
۱ تولہ۔ دونوں ملاکر خوب حل کریں۔ پھر کافور ۳ رتی۔ جوہر پودینہ ۳ رتی۔
جوہر اجوائن ۳ رتی۔ یوکلپٹس آئل ۳ رتی۔ ان چاروں دواؤں کو ملاکر حل شدہ
ادویہ میں شامل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں تاکہ ہوا کی نمی نہ پہنچے ورنہ کمزور ہو
جائیگا۔ صبح اور شام قدرے مل کر رال باہر گرائیں۔ اگر پوست درخت اخروٹ
(دنداسہ) نہ ملے تو اس کی جگہ پوست بادام سوختہ شامل کیا جاسکتا ہے

فوائد:۔ پائیوریا اور منہ کی بدبو دور کرتا ہے۔

حب کبد نوشادری:۔ نوشادر۔ سہاگہ بریان۔ نمک طعام
نمک سیاہ۔ تخم کچور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ باد

ٹنکار۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل سب دوائیں ہموزن لے کر عرق گلاب میں
بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی۔

فوائد:- ورم جگر، ضعف ہضم اور معدہ کی تیزابیت کے لئے مفید ہے۔

حب ہیضہ:- مربہ سرخ کے بیج ایک تولہ۔ آہک آب نارسیدہ ایک تولہ۔ ہلدی ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ آک کی جڑ کا گودا جس کا چھلکا الگ کر لیا گیا ہو۔ سایہ میں خشک شدہ تین تولہ۔ ان سب دواؤں کو پودینہ باغی کے ۲۸ تولہ پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کر لیں۔

فوائد:- یہ گولیاں ہیضہ کا بے خطا علاج ہیں۔ جب قے اور اسہال کسی دوا سے بند نہ ہوں، نبضیں چھوٹ رہی ہوں تو ان گولیوں کا استعمال معجز نما اثر کرتا ہے۔ بعض ایسے مریضوں کو یہ گولیاں استعمال کرائی گئیں جن کی حالت غیر ہو چکی تھی اور یونانی اور ڈاکٹری علاج کے باوجود ان کی زندگی کی کوئی امید باقی نہ رہی تھی۔ خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہیں شفا ہوئی۔ لیکن یاد رہے کہ قابض ہونے کی وجہ زمانہ ابتدا میں ان کا استعمال نہ کرائیں۔ جب زہریلے مواد خارج ہو جائیں تو اس سے کام لیں۔

حبوب خواص:- جوہر نوشادر ۲ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ بریان ۲ تولہ۔ گل مدار ناشگفتہ ۲ تولہ۔ تیج پات ۲ تولہ۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ کچور کچری ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ ۲ تولہ۔ سنا مکی ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ نمک سانبھر ۱ تولہ۔ نمک ... ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ بسباسہ ۱ تولہ۔

اگر عمدہ اتولہ۔ یہ سب دوائیں کوٹ چھان لیں۔ اور آب مولی اور آب اورکسا ہموزن میں کھرل کر کے حبوب بقدر ریٹھا بنائیں۔

فوائد :- بدہضمی و دست اور دستے کو بند کرتی ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے۔ درد شکم اور اسہال کہنہ کو نہایت مفید ہے۔

بواسیر :- گندھک آملہ سار مصفیٰ ۹ ماشہ مغز تخم نیب اڑھائی تولہ رسوت زرد مصفیٰ ۲ تولہ ورق نقرہ چالیس عدد۔ سب کو پیس گاؤزبان کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد :- بواسیری خون کو بند کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔ ایک گولی روزانہ چار پانچ روز تک کھانے سے خون بند ہو جاتا ہے اور ایک عرصہ تک کھانے سے خون سے بے خونی پیدا کرتا ہے۔

حب ذات الریہ :- گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ ماشہ سیماب مصفیٰ ۲ ماشہ میٹھا تیلیہ مدبر اور دوسری دواؤں کو پیس کر تکیہ میں ملائیں اور ہر ایک ۲ ماشہ دوا کے لئے پندرہ عدد گھیکوار کے پتے لیں۔ بسفوف بن جائے گا۔ خوراک حسب طاقت مریض ا رتی سے چار رتی تک منقی یا کمانڈ کے اندر دیں۔ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد :- مناسب بدرقوں کے ہمراہ ذات الریہ، وجع المفاصل اور درد گردہ کے لئے مفید ہے۔

تدبیر بیش :- میٹھا تیلیہ کو پہلے ادھ سیر بھینس کے گوبر میں ملا کر لگا دیں۔ نیچے آگ روشن کریں۔ جب بیش میں سوئی چبھ جاسکے نکال

کر پانی سے دھو لیں۔ پھر دو سیر دودھ میں لٹکائیں جتنا دودھ کم ہو جائے
بیش کو نیچے کرتے جائیں حتیٰ کہ دودھ کا پانی بن جائے۔ نکال کر صاف
کر لیں۔

دوائے سم الفار:۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ایک تولہ شورہ
قلمی ۵ تولہ نمک ایک تولہ پھٹکڑی قلعی ۶ تولہ۔ مدن مرداریدی ۸ تولہ سم
الفار ۱۰ تولہ پھٹکڑی ۱ تولہ ان تمام دواؤں کو باریک پیس کر مثل غبار بنا
لیں۔ اور پھر عرق گھیکوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ پھر دو
سکوروں میں بند اور گل حکمت کرکے پانچ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں
سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک دو
برنج سے چار برنج تک بالائی میں لپیٹ کر دن میں دو بار صبح شام

فوائد:۔ اگر سوزاک انتہا تک پہنچ گیا ہو۔ جوڑوں میں بھی
درد ہونے لگا ہو۔ تو ایسے حالات میں یہ دوا استعمال کرائی
جائے۔ اور اس دوا کے استعمال سے قرحہ بہت جلد خشک ہو جاتا ہے
مقوی باہ اور مصفی خون بھی ہے۔ اس کے فوائد ایم۔ بی ۹۳ سے کسی
طرح کم نہیں بلکہ اس سے زائد ہیں۔ سوزاک کے جراثیم کو یہ دوا ختم
کر جاتی ہے۔

جوہر سوزاک:۔ رسکپور ۵ تولہ۔ کافور پانچ تولہ دونوں کو شراب
برانڈی کے ۲۰ تولہ میں کھرل کریں۔ یہاں تک کہ خشک ہو جائے۔ اس کے
بعد مٹی کے پیالہ میں رکھیں اور اسکے اوپر دوسرا پیالہ منطبق کریں دونوں

پیالوں کے کنارے پہلے ہی گھس کر ہموار کر لیے جائیں۔ تاکہ ان کے لب بخوبی پیوست ہو جائیں۔ اس کے بعد جوڑ کو ملتانی مٹی یا آٹے سے خوب اچھی طرح سفیدہ یا لیپ کریں۔ جب اچھی طرح خشک ہو جائے چولھے پر سوار کریں نیچے سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ جس میں موٹی بتی ڈالی گئی ہو۔ اوپر کے پیالے پر کپڑے کی چار پانچ تہیں پانی میں بھگو کر رکھیں اور اسے خشک ہونے نہ دیں بلکہ تھوڑی تھوڑی دیر بعد پانی ٹپکاتے رہیں۔ تین گھنٹے میں دوا کے جوہر اڑ کر اوپر کے پیالے میں جا لگیں گے۔ تب آنچ سے الگ کر لیں۔ اور سرد ہونے پر بآہستگی کھول کر جوہر علیحدہ کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک حلوہ یا بالائی میں رکھ کر نگل جائیں۔

فوائد:۔ یہ جوہر سوزاک کے لئے نہایت مفید ہیں ہر حالت میں استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن سوزاک کہنہ میں ان کا استعمال زیادہ مفید ہوتا ہے۔ اگر سوزاک کی وجہ سے وجع المفاصل ہو گیا ہو تو اس سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ کبھی اسکے قرحہ کو تازہ کرکے مختلف پچکاری کی دواؤں کا بھی استعمال کرنا پڑتا ہے۔

جوہر منقی:۔ دارچکنہ، رس کپور، سنکھیا، ہر ایک ایک تولہ بطریق مذکورہ جوہر اڑائیں۔ خوراک ایک سے دو برنج منقی میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد:۔ دافع آتشک ہے۔

اکسیر آتشک:۔ شنگرف ۱ تولہ۔ رس کپور ۶ ماشہ دارچکنہ ۳ ماشہ

تینوں دواؤں کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ پھر بکرے کی نلی کی ہڈی کو گودے سے بالکل صاف کردیں۔ کہ اس میں گودے کا کوئی نشان یا اثر تک باقی نہ رہے۔ اس نلی کو بڑی طرف سے بند رہنے دیں۔ اور باریک جانب سے اس کا منہ کھول کر صاف کرلیں۔ پھر ہر سہ ادویہ کا سفوف اس نلی میں ڈال کر اس کا منہ لکڑی سے بند کردیں۔ اور اسکے اوپر آٹا گندم لگا کر کسی پٹی سے باندھ دیں۔ پھر برتن میں پانی ڈال اسے چولہے پر سوار کردیں اور نلی کے ساتھ گندم کے کچھ دانے بھی اس میں ڈال دیں۔ گندم کے دانے گل جائیں تو نلی باہر نکال لیں۔ پھر جب الملوک ۲ تولہ لے کر اس میں گندم ڈال کر کڑاہی میں بھنوالیں اور بالائی نسخہ ادویہ اندرونی ذکر کرکے ادرک ۱۰ تولہ کے پانی میں تمام دواؤں کو کھرل کر کے بقدر ماش گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی پانی کے ہمراہ۔
روغن زرد اور نمکین کا زیادہ استعمال۔ نمک سے پرہیز کریں۔ یا حتی الامکان کم کھائیں۔ پھر ایک دن کا وقفہ دیکر دوسری گولی اور اسی طرح ایک دن کا وقفہ دیکر تیسری گولی کھائیں۔

فوائد:۔ یہ نسخہ آتشک کے لئے بیحد مفید ہے۔ اور چالیس سال سے زیر تجربہ ہے۔ کبھی خطا نہیں کی۔ کسی شخص کو تین گولیوں سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ صرف ایک مریض کو چھ گولیاں استعمال کرائی گئیں۔

سفوف مانع حمل:۔ تخم لاجونتی ۹ ماشہ۔ تخم ستیاناسی ۱ تولہ

تخم نیل ۱ تولہ۔ مروارید ۱ ماشہ۔ باریک سفوف کریں اور ۳ پڑیہ بنالیں بعد فراغت حیض ۱۲ روز تک ایک پڑیہ صبح ایک شام کھلائیں۔

ایضاً:۔ بائے بڑنگ۔ سہاگہ۔ فلفل دراز تینوں چیزیں ہموزن لے کر باریک پیس لیں اور تین تین ماشہ کی پڑیہ بنائیں حیض شروع ہونے تیسرے چوتھے اور پانچویں روز کھلائیں۔ بے ضرر چیز ہے۔ ایام میں بھی کوئی خرابی نہیں ہوتی۔

اختناق الرحم:۔ جدوار۔ عود صلیب۔ انیسون۔ جند بیدستر ایلوا۔ مرنا۔ فادزہر معدنی ہینگ اصلی بریان ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۸ ماشہ۔ فادزہر حیوانی ۵ ماشہ۔ اندجو شیریں ۸ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ گولی بقدر دانہ نخود بنالیں۔ ایک گولی صبح کو آب سرد کے ہمراہ کھائیں شام کو دو ہلسک معتدل ۴ ماشہ کا کریں اگر دورہ پڑ جائے تو اس حالت میں سمندر جھاگ۔ بھٹکٹری عرط جا ہموزن ملاکر قدرے رحم پر ضماداً کام میں لائیں۔ فوراً ہوش آجائے گا۔

نسخہ قوت باہ: سم الفار ۳ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ دوبان کوڑیہ ۵ تولہ کو شراب کہنہ ۸۰ سالہ یا برانڈی درجہ اوّل میں کھرل کرکے جوہر اڑایا گیا ہو جوہر مذکور چھ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ اسٹرکنیا (جوہر کچلا) ۱ ماشہ۔ سب کو عنبر حبش میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود ماش بنائیں۔ گرمیوں میں آب سیب ۱۰ تولہ کے ساتھ ایک گولی کھلائی جائے اور سردیوں میں تازہ مکھن

میں لپیٹ کر ایک گولی کھائی جائے۔ اس کے بعد ایک چھٹانک روغن زرد اور ایک گلاس شیر گاؤ عمدہ گرم گرم میٹھا ڈال کر نوش جان کیا جائے۔

نزلہ و زکام دائمی:۔ پھل دھنیوزہ سبز ایک عدد۔ انار خام سبز ۱۱ عدد۔ کالی مرچ ۱۲ عدد۔ گولی بقدر دانہ ماش بنالیں۔ تین گولی دن میں دودھ کے ساتھ کھلادیا کریں۔ ایک شخص کو اس قدر چھینکیں آتی تھیں کہ سخت پریشان تھا۔ بہت سے علاج کرلینے کے بعد آخر کار اس نسخہ کا استعمال کرایا گیا۔ دوسرے دن ہی اس کی چھینکیں بند ہوگئیں

حبوب اٹھرا:۔ جن بہنوں کی اولاد ایام حمل کے دوران میں یا نو ماہ کے بعد مردہ خارج ہو جاتی ہو۔ یا پیدائش کے بعد چند دن یا چند ماہ یا کچھ عرصہ زندہ رہ کر زرد رنگ کے اسہال یا نیلا کالا رنگ بدل کر یا ڈبہ ام الصبیان یا مرض عطاش اور مرو ڑ وغیرہ شکایات کے باعث زندہ نہ رہتی ہو تو آپ بے شک ان گولیوں کا باقاعدہ چھ سات ماہ تک پرہیز کے ساتھ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تمام امراض سے بچہ محفوظ رہے گا۔ اور عمر طبعی حاصل کرے گا۔ استادم قبلہ نے نہایت مہربانی سے یہ نسخہ مرحمت فرمایا تھا۔ اب تک بیشمار مخلوق اس نسخہ سے شفا حاصل کرچکی ہے۔ تیس پینتیس سال سے میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ نسخہ موصوف یہ ہے۔

وصفہ نمبر ۱ دہمانسہ ۲ تولہ۔ رسوت تولہ۔ برادہ صندل سرخ ۲ ماشہ

برگ نیم ۱ تولہ۔ برگ حنا ۱ تولہ۔ الائچی دانہ ۱۰ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ چاکسو مقشر ۳ تولہ۔ برنج سیاہ ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ۔ برہم ڈنڈی ۲ تولہ۔ شاہترہ ۱ تولہ۔ بھنڈ موتھا ۱ تولہ۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ کچور ۱ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ تولہ۔ پہلے مروارید کو عرق گلاب یا روح کیوڑہ کے ساتھ خوب سحق کریں۔ پھر باقی اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں اور گولیاں بقدر دانہ مٹر بنالیں۔ اور ایک یا دو گولی روزانہ صبح کسی مناسب بدرقہ یا سادہ پانی سے کھلائیں۔

جب یہ علم ہو جائے کہ حمل قرار پا کر دو مہینے گذر کر تیسرے کی ابتدا ہے۔ تو ان گولیوں کا استعمال شروع کر دیا جائے اور تا وضع حمل استعمال کرتے رہیں۔ غریب طبقہ بجائے مروارید کے کشتہ صدف صادق ۲ تولہ شامل کر سکتے ہیں :: ۔

ماء الذہب :۔ تیزاب شورہ ۳ حصہ۔ تیزاب نمک ۴ حصہ۔ ان ہر دو اجزاء کو ایک بڑی بوتل میں ڈال دیں۔ پھر اس میں سے بقدر ۱ تولہ لے کر اس میں برادہ طلاء ۶ ماشہ ڈال دیں۔ سونا اس میں حل ہو جائے گا۔ پھر اس محلول میں تین تولے پانی ملا کر محفوظ رکھیں۔ خوراک چار قطرے ہمراہ ماء اللحم عنبری ۵ تولہ دیں۔ مناسب پرہیز رکھیں۔

فوائد :۔ ضعف اعضائے رئیسہ۔ ضعف عامہ اور ضعف باہ کے ازالہ کے لئے۔ اپنی نظیر آپ ہے

تریاق ذیابیطس :۔ خستہ جامن ۱۲ تولہ۔ کشتہ فولاد۔ آب گڑمار

میں یا آب جامن میں کیا ہوا ۴ تولہ افیون خالص جو پوست سے حاصل کی گئی ہو ایک تولہ ان تمام اجزا کا سفوف بنا لیں اور اس میں سے بقدر ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک روزانہ آب سادہ کے ساتھ استعمال کرتے رہیں۔ صرف اکیس روز میں فائدہ ہو جائے۔

شربت فولاد:- ایک کڑاہی آہنی لے کر اس میں اپلے بھر کر آگ لگا دیں۔ تاکہ اس کے اندر سے میل کچیل جل کر خوب صاف ہو جائے اس کے بعد کڑاہی کو اینٹ سے خوب چمکا دیں۔ پھر اس میں باریک تار کی گچھیاں بازار سے لیکر کڑاہی میں رکھ کر اس پر ایک سیر پختہ آب ثمر جامن یا جامن کے نرم پتے پانچ سیر لے کر ڈھائی سیر پانی کے ذریعہ گھوٹ کر چھان کر یہ پانی اوپر ڈال دیں۔ پھر ڈیڑھ سیر پختہ ترپھلہ (ہڑ بہیڑہ آملہ برابر وزن) نیم کوفتہ۔ الائچی خورد مع پوست ایک تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ ملا کر کڑاہی کڑاہی میں ڈال دیں۔ موسم گرما میں تین روز اور سرما میں سات روز تک نہ رکھیں مگر روزمرہ ہلا دیا کریں۔ تاروں کا بہت سا حصہ پانی میں حل ہو جائیگا ایک ہفتہ گزرنے کے بعد کسی دبیز پارچہ میں چھان لیں پھر اس محلول کو جو سیاہ رنگ کا ہو گا۔ بحساب فی سیر تین سیر کھانڈ ملا کر قوام تیار کر لیں۔ اور صاف شیشیوں میں بھر لیں۔ بمقدار خوراک ایک ماشہ سے چھ ماشہ ہمراہ شربت انار یا ادھر کے استعمال کرائیں۔ جب قبض کی شکایت ہو جائے تو مسکہ اور گھی خوب استعمال کریں۔

اگر زیادہ نفیس امراء کے لئے درکار ہو تو اس محلول کا عرق کشید

کر کے بطریق مذکورہ شربت بنا لیں۔

فوائد:۔ ورم طحال۔ ضعف جگر (عبس) استسقاء۔ سوء القینہ اور دیگر آلات انہضام کے لئے نہایت مفید شے ہے۔ میرا معمول مطب اور خاندانی مجرب نسخہ ہے۔ اس کا اندازہ وہی کر سکتا ہے جس نے اس کو استعمال کیا۔ خاصہ مقوی باہ بھی ہے۔

روغن سرخ:۔ بچھیٹو۔ ہڑ تال۔ تنج۔ کائپھل چھڑیلہ۔ ناگرموتھہ۔ وچ۔ لونگ۔ زنجبیل ہر ایک آٹھ تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر چار سیر چھ سیر کے پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے تو اتنا ہی روغن کنجد اور روغن سرشف شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اس کو صاف کر کے شیشی میں رکھیں بوقت ضرورت استعمال کریں۔

فوائد:۔ فالج۔ لقوہ۔ اور گنٹھیا کے علاوہ ہر قسم کی چوٹ پر لگانے سے فوری فائدہ بخشتا ہے۔

قرص مروارید:۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ سرخ۔ زہر مہرہ خطائی۔ حجر الیہود نارجیل دریائی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز کنول گٹہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد زرد رو مکو چھ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے گلاب میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک سال کے بچہ کو دو گولی صبح اور شام ماں کے دودھ یا پانی میں گھس کر پلائیں۔

فوائد:۔ بچوں کے رنگ برنگ اسہال۔ خرابی ہضم اور تقریباً

تمام امراض کا مجرب علاج ہے۔

دمہ کا آسان اور مجرب نسخہ:۔ اگر بلغمی ہو تو بازاری معمولی سجی سویٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں اور اس کا زلال (منقطر پانی) لے کر پی لیا کریں۔ غذا روغن حلوہ وغیرہ خوب کھائیں۔ اکیس روز میں پھیپھڑا بالکل پاک و صاف ہو کر بلغم نکل کر آرام ہو جائے گا۔ اگر دمہ صفراوی یعنی خشک ہو تو ایک تولہ اسپغول گائے کے دودھ پاؤ بھر کے ساتھ پھانک لیا کریں۔ اسی طرح چالیس روز عمل کریں۔

جریان کی دوا:۔ سنگ جراحت ۵ تولہ بستانہ ۵ تولہ۔ دونوں کا سفوف کریں۔ قلعی کا کشتہ ماشہ کشتہ اور دس تولہ کھانڈ ملا کر محفوظ رکھیں خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گائے۔

اکسیر آتشک:۔ رسکپور دو تولہ کو پانچ سیر پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیچے آگ جلائیں۔ جب تمام پانی خشک ہو جائے تو رسکپور نکال لیں اور باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی:۔

فوائد:۔ مصفی خون۔ خارش اور آتشک وغیرہ کے لئے مفید اور مجرب ہے:۔

اکسیر احتلام:۔ چاندی اعلیٰ قسم ایک تولہ کا پترا بنا کر آگ میں گرم کر کے اکیس مرتبہ برہمڈنڈی بوٹی کے پانی میں غوطہ دے کر رکھ لیں۔ بعدہٗ اجوائن خراسانی بقدر ایک تولہ شیر مدار میں اچھی طرح کھرل

کر کے پترہ مذکور پر ضماد کر دیں اور سایہ میں خشک کریں۔ بعد ازاں بوٹی برہمڈنڈی
بیس تولہ میں گھوٹ کر نغدہ بنا کر اس میں چاندی رکھیں اور تین مرتبہ گل حکمت کر
کے خشک کریں اور سات سیر یا چک دشتی کی آگ دیں۔ انشاءاللہ
تباشیر کی طرح سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک
ایک سے دو چاول تک مکھن میں استعمال کریں

فوائد:۔ احتلام جریان۔ سوزش گرمی مثانہ کے لئے مفید ہے

اختلاج قلب:۔ زہر مہرہ خطائی۔ مروارید ناسفتہ۔ کشتہ عقیق
کشتہ یشب۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز گنبہ گگٹھ۔ ورق نقرہ مساوی الوزن۔
زہر مہرہ و مروارید کو عرق کیوڑہ ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ اور باقی چیزیں
باریک پیس کر شامل کر کے تین روز عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں
خوراک:۔ تین رتی خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر دونوں وقت نوش کریں۔
اوپر سے شربت صندل یا شیر گاؤ پی لیں۔ اختلاج قلب اور دل کے
امراض میں بہترین نسخہ ہے۔

اکسیر جگر:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ زنجبیل
دج گلابی۔ تالمکھانہ۔ مجیٹھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ تارا میرا۔ ہر ایک پانچ
تولہ کشتہ خبث الحدید ۲ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک
ایک ماشہ ہمراہ مٹھا نہ ہی ایک پاؤ۔

فوائد:۔ جگر کی بیماریوں میں مفید ہے۔

اکسیر چشم:۔ سرمہ سیاہ۔ پھٹکڑی شگفتہ ہر ایک دو تولہ یشب

نشگفتہ چار تولہ۔ مرجان سوختہ۔ صدف کلاں سوختہ نبات سفید ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ عرق گلاب خالص بیس تولہ میں بدستور معروف سرمہ تیار کریں۔ اور استعمال کیا کریں:

فوائد آنکھوں کی اکثر بیماریوں میں مفید ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ اور عینک سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

اکسیر تپ و اسہال ہر قسم:۔ سنگ جراحت۔ زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین تولہ۔ مرجان ایک تولہ۔ گیرو ۹ ماشہ۔ طباشیر کبود چار ماشہ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ۔ بادہ سبز بلا سہ داغ تین ماشہ سب کو کھرل کر کے دو روز تک آب برگ بادنجان سفید سے دوپہر تک آب مطبوخ انجبار سے اور دو دو روز تک آب برگ بھنگ سے کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت خشخاش

فوائد:۔ تپ ہر قسم:۔ تپ دق کھانسی۔ اسہال رطوبی اور خونی

اکسیر بواسیر:۔ سم الفار سفید۔ رسکپور۔ دار چکنہ شنگرف۔ پھٹکری۔ ہڑتال ورقی ہر ایک ہموزن باریک کر کے ہمراہ گندنا گندل کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر جو ہر اڑائیں۔ خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ مکھن کھائیں۔

فوائد:۔ بواسیر خونی اور بادی کے لئے بہترین نسخہ ہے۔ ترش اور گرم اشیا سے پرہیز ہے۔

اکسیر دماغ:۔ چودہ رتی طلا، چھ ماشہ۔ چودہ ورق نقرہ ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ چھ ماشہ۔ آب ادرک ایک بوتل سے کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے۔ مٹی کے کوزہ میں بند اور گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ خوراک نصف رتی بالائی یا مکھن میں رکھ کر استعمال کریں

فوائد:۔ ضعف دماغ:۔ ضعف اعصاب اور طاقت باہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔

اکسیر باہ:۔ سم الفار دودھیا ایک تولہ کو تابہ پر رکھ کر آگ پر چڑھائیں اور اس پر قطرہ قطرہ شیر مدار ڈال کر خشک کریں۔ نیچے نرم آگ ہونی چاہیئے یہاں تک کہ تمام شیر ختم ہو جائے۔ خاکستری رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ سم الفار کا وزن ایک تولہ اور شیر مدار ایک سیر ہونا چاہیئے۔ خوراک خشخاش مکھن یا بالائی دو تولہ میں رکھ کر کھایا کریں۔ روغن زرد خوب کھائیں۔

فوائد:۔ نامردی ضعف باہ سستی۔ درد اعصاب اور عرق النسا کے لئے مفید ہے۔

اکسیر جریان:۔ دودھی خورد۔ بھنگ۔ آب لہسن۔ آب بھنگ آب برمنڈی ہر ایک دو دو تولہ۔ کو خوب باریک کر کے کوٹ کر نغدہ بنا لیں اور اس نغدہ میں دو تولہ سنگجراحت کی ڈلی ملفوف کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں وہ تین آنچ میں شگفتہ نکلے گا۔ خوراک دو رتی سے ۶ رتی تک کھانڈ میں رکھ کر استعمال کریں۔

فوائد :- جریان. احتلام اور سوزاک کے لئے مفید ہے
سفوف اکسیری :- موصلی سفید. سمندر سوکھ. صمغ عربی بریان - بادیان مقشر. آرد خرما. تخم سرنبالی. تالمکھانا. چینی گھاس چار مغز. مغز بادام شیریں. ریشہ برگد ہر ایک پانچ تولہ. ثعلب مصری. شقاقل مصری بستاور. بہمن. اندرجو - جاوتری - دارچینی - الائچی خورد گل سرخ - ہر ایک ایک تولہ - طباشیر - زعفران - ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ. نبات سفید جملہ ادویات سے دو چند وزن. سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں. خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ دیجئے
فوائد : یقوی اعضائے رئیسہ ہے باہ اور بصارت کو تیز کرتا ہے۔

کشتہ مرجان :- مرجان پانچ تولہ- مصری دس تولہ. مرجان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ایک کوزگلی میں مصری کوٹ کر نیچے اوپر ڈالیں اور مرجان کے ٹکڑے درمیان میں رکھ دیں. کوزہ کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں. اور خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں. کشتہ سفید برآمد ہوگا- خوراک دو تا چار چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

فوائد :- کھانسی - دمہ - جریان. ضعف دل و دماغ کیلئے مفید و مجرب ہے۔
اکسیر خادمی :- گندھک مغسول. گل ہرمزی ہر ایک ایک تولہ

زیرہ کرمانی ۶ ماشہ۔ سفوف تیار کرلیں۔ خوراک ۱۰ ماشہ ہمراہ جغرات۔ اندرونی طور پر۔ اور پانچ ماشہ سکہ میں ملا کر مالش کر کے غسل کرلیں

فوائد:۔ خارش کو دو دن میں دفع کرتی ہے۔

اکسیر جگر:۔ ریوند خطائی۔ ایک تولہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ شورہ قلمی ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ باہم کھرل کریں خوراک ایک رتی صبح ایک رتی شام ہمراہ آب تازہ۔ امراض جگر کے لیے مجرب اور معمول ہے

اکسیر جریان: ستاور۔ سنگ جراحت ہر ایک پانچ تولہ۔ باہم باریک کر کے شکر سفید پانچ تولہ تولہ بست اسبغول ۲۔ تولہ ملا کر خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے صبح نوش کریں۔

فوائد:۔ ہر قسم کے جریان کو مفید ہے۔

برائے ہچکی:۔ شیر مادہ گاؤ مادہ۔ روغن زرد ۲ تولہ۔ روغن بادام ۶ ماشہ۔ کھانڈ ۲ تولہ ملا کر دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

فوائد:۔ فواق ہیبی کے لیے مجرب ہے۔

جوارش حافظ صحت:۔ تخم خربوزہ سفید ۱۲ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ مگھاں ۲ تولہ۔ لوبان ۲ تولہ۔ رازیانہ (سونف) ۲ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ علک رومی (مصطگی رومی) ۳ تولہ۔ مشک خالص ۱ تولہ۔ شہد خالص سہ چند

مشک خالص اگر دستیاب نہ ہو تو زعفران (دینگ) ۱ تولہ۔ بسباسہ ایک تولہ کو شامل کر کے بھی نسخہ ہذا کو تیار کر کے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

ترکیب تیاری:۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد کے قوام میں ملا کر حسب

دستور معجون تیار کر لیں۔ اور چالیس یوم تک چینی کے برتن میں بند کر کے غلہ گندم میں دفن کر دیں۔ بعدہٗ استعمال کریں۔ علاوہ ازیں یہ جس قدر پرانی ہو گی اتنی مفید ہو گی۔ اور اگر کم از کم ایک سال کی تیار شدہ ہو تو از حد مفید اور بہتر ہو گی۔

ترکیب استعمال :- بقدر ایک سے دو رتی تک ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ۔

فوائد :- مالیخولیا۔ بیخوابی۔ درد سر۔ شقیقہ۔ عصابہ۔ سدر۔ دوار۔ صرع (مرگی) ضعف معدہ۔ ضعف بصر۔ رطوبۃ۔ آشوب چشم۔ ضیق النفس۔ دمہ۔ پرانی کھانسی۔ نفث الدم۔ کثرت آروغ ترش (کھٹے ڈکاروں کا آنا) غثیان۔ ترشی معدہ۔ نزلہ۔ زکام دائمی۔ خارش۔ کثرت لعاب دہن۔ درد دندان۔ ورم لوزتین۔ بحۃ الصوت کے علاوہ وجع المفاصل درد اعصاب۔ سلسل البول۔ ذیابیطس۔ استسقا۔ سرعت۔ رقت۔ جریان احتلام۔ ذکاوت حس۔ درد گردہ۔ نقرس۔ سوزاک۔ زنان اور تپ ہر قسم کے لئے ایک تریاق کامل ہے۔ علاوہ بریں امراض بارد مایوسہ کے لئے ایک نہایت ہی اکسیری اور کامیاب ترین حکمی اور سریع الاثر دوا ہے۔

حب شاہی :- جو بالا کامسک بغضب کا مقوی اور محرک ہے۔ مادہ تولید کے زوال اختیاری وغیر اختیاری کے سبب لطف جوانی بیکار ہو جانے کی حالت میں انسان کی شرم اور مایوسی کو بہت جلد دور کر دیتا ہے۔

اجزاء نسخہ:۔ شیر برگد (بوہڑ) ۵ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت:۔ پھٹکری سفید کو باریک پیس کر چینی کے برتن میں ڈال کر اس میں تین چھٹانک (۱۵ تولہ) بڑ کا دودھ شامل کر کے سایہ میں رکھ دیں۔ تیسرے چوتھے روز تک جب دودھ خشک ہونے کے قریب ہو خوب کھرل کریں اور گولیاں بقدر نخود تیار کر کے حفاظت سے رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ جماع سے ۲ گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ کھا لیا کریں۔

فوائد:۔ امساک منی (مادہ تولید) کے لئے یہ ایک بے نظیر تحفہ ہے۔ جو اپنے اوصاف اور صفات میں سہل الحصول ہونے کے باوجود اپنا جواب نہیں رکھتا۔ جس کا ایک بار تجربہ آپ کو طویل طویل نسخہ جات سے بے نیاز کر دے گا۔

مرہم داد:۔ کمیلا۔ مردار سنگ۔ کافور۔ رال ہموزن سفوف کر لیں اور روغن سرسوں قدر حاجت میں ملا کر مقام ماؤف پر ملیں

فوائد:۔ خارش داد چنبل کے لئے مفید ہے۔

اکسیر معدہ:۔ زنجبیل۔ ہلیلہ سیاہ۔ بادیان اجوائن دیسی نمک خوردنی۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ہر ایک پانچ تولہ۔ مرچ سیاہ۔ قلمی شورہ۔ گیرو۔ کچور۔ دارچینی۔ الائچی دانہ ہر ایک ۲½ تولہ باریک کر کے پیس کر رکھیں۔ ایک سے دو ماشہ تک دن میں دو تین بار دیں۔

فوائد:- ہاضم اور مقوی معدہ ہے۔

حب اطفال:- زنجور۔ پودینہ خشک۔ الائچی خورد۔
ہر ایک ایک تولہ۔ باریک پیس کر عرق گلاب میں گوندھ کر دانہ مونگ کے
برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی دن میں چار بار دیں

فوائد: بچوں کی قے میں مفید ہے۔

چٹکی حقلی:- بادیان۔ ہیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک۔
مرچ سیاہ۔ نمک خوردنی ہر ایک تولہ زنجور۔ سہاگہ بریان ہر ایک
چار ماشہ۔ کوٹ چھان کر رکھیں۔ چار رتی سے ایک ماشہ تک چمچہ
میں گھول کر دیں۔

فوائد:- بچوں کے اکثر امراض معدہ میں مفید ہے۔ ہاضم
کی اصلاح کرتی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ قبض کشا بھی ہے۔

حب قبض کشا:- جو بچوں اور بڑوں کے قبض کو
دور کرنے میں معمول ہیں۔ ایلوا۔ عصارہ۔ ریوند۔ ہر ایک ایک تولہ مصطگی
رومی چھ ماشہ۔ باریک کرکے لعاب اسبغول بقدر ضرورت میں گوندھ کر
دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک سے تین گولی تک بچوں کو انکی
ماں کے دودھ میں حل کرکے اور پانچ چھ گولیاں بڑوں کو دودھ نیم گرم
کے ہمراہ رات کو دیں۔

حب ضیق النفس:- دار فلفل۔ کاکڑا سنگی۔ اصل السوس
قرنفل۔ پوست انار شیریں۔ جو اکھار ہر ایک ایک تولہ کشتہ مرجان۔ کشتہ

صدف صادق۔ ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ بارسنگا چھ ماشہ۔ دواؤں کو باریک کرکے شہد خالص میں قدرے حاجت میں کھرل کرکے بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں۔

فوائد:۔ دمہ و بلغمی کھانسی کو فائدہ دیتی ہے

حب مقوی باہ حقانی:۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ مازو مصطگی۔ زعفران ناگیسر۔ موچرس۔ گوگل۔ طباشیر۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ اجوائن خراسانی افیون ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر لعاب اسبغول کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ وقت سے دو گھنٹہ پہلے دو گولی دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ یا صبح و شام روزانہ ایک ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد:۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ اور امساک پیدا کرتی ہے

اکسیر سفوف النساء:۔ گل دھاوا۔ گل فوفل۔ موچرس۔ دانہ الائچی خورد۔ زنجبیل۔ گل پستہ ہر ایک ایک تولہ۔ چھال کیکر۔ پھلی ببول خام۔ ہر ایک اڑھائی تولہ۔ چینی ہم وزن۔ اور یہ کوٹ چھان کر چھ چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:۔ سیلان الرحم میں مفید ہے

سفوف حقانی دافع پائیریا:۔ برادہ آہن ایک تولہ۔ مسد احمر ۳ ماشہ۔ مازو سبز سوختہ ۲ ماشہ۔ شاخ مرجان ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ فوفل سوختہ ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ایک ماشہ

سب کو باریک پیس کر ایک شیشی میں محفوظ کر لیں۔ صبح شام مسوڑھوں اور دانتوں پر ملیں۔ ناسور لثہ اور لثہ امیہ کے لئے اور درد دندان کے لئے بیحد مفید ہے

مرہم خنازیر عجیب:۔ سیندور ۱۸ ماشہ۔ شنگرف ۱۸ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۱۸ ماشہ۔ موم خام ۴ تولہ۔ گیگل ۱۸ ماشہ۔ مرمکی ۱۸ ماشہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ۔ **ترکیب تیاری:۔** پہلے روغن اور موم کو کڑاہی میں گرم کر کے ملائیں۔ پھر باقی ادویہ خوب باریک پیس کر اس میں شامل کر کے مرہم تیار کر لیں۔ یہ مرہم کنٹھ مالا کے لئے بیحد مفید ہے۔ اسکے متواتر استعمال سے خنازیری گلٹیاں بہت جلد تحلیل ہو جاتی ہیں۔

حبوب حقانی برائے وجع المفاصل:۔ شنگرف ۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ۔ بچھناگ مدبر ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ سب ادویہ کو کٹائی خورد سبز اور ادرک دونوں کے ایک پاؤ پانی میں باری باری کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنالیں مقدار خوراک ایک گولی سے دو گولی تک تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں وجع المفاصل کے لئے بیحد مفید ہے۔

سفوف سوزاک مجرب المجرب:۔ ست بہروزہ ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ کباب چینی ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۲ تولہ۔ روغن صندل ویسی ۱۰ تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں بعدہ روغن صندل ملا کر رکھیں

خوراک:۔ صبح شام دو ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد:۔ سوزاک جدید و قدیم کیلئے مفید و نفع بخش ہے۔

دوائے مخرج حصاۃ گلیہ و مثانہ:۔ نوشادر ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ جواکھار ۱ تولہ۔ تخم ترب ۱ تولہ۔ جندبیانہ ۱ تولہ۔ پوست خربوزہ ۱ تولہ مغز تخم خربوزہ ۱ تولہ۔ خار خسک ۱ تولہ۔ کاکنج ۱/۲ تولہ۔ حجر الیہود ۱/۲ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ فلفل ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ خاکستر عقرب ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند میں علی الرسم معجون بنالیں۔ مقدار خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق ہندوانہ ۵ تولہ۔ گردہ مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے میں بہت مفید ہے۔

سفوف مجرب دافع قبض: مغز بادیان ۴ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ۔ تخم سفید مجرب ۲ تولہ۔ سناء کی ایک تولہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر مغز بادیان تینوں ادویہ کو پہلے روغن بادام کے ساتھ چرب کریں پھر باقی ادویہ اس میں شامل کرکے سفوف بنا لیں۔ خوراک:۔ ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ قبض کو رفع کرنے کے لئے بیحد مفید ہے

تریاق حمی جدید:۔ مغز کرنجوہ ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ مغز تخم نیب ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ۔ کاسنی سفید ۶ ماشہ۔ ست اسپغول ۶ ماشہ۔ جملہ ادویہ کوٹ پیس کر یکجان کریں۔ بخار سے قبل ۱ ماشہ سے دو ماشہ تک عرق سونف یا عرق گاؤ زبان کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخار کے لئے ہر موسم اور ہر حالت میں مفید ہے قبض ہو تو اول اس کا ازالہ کر کے اس کو استعمال کرائیں۔

حبوب بواسیر بادی و خونی: مقل ارزق ۱ تولہ۔ بھنگرہ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۷ عدد۔ مغز تخم نیب ۲ تولہ۔ رسوت زرد ۱ تولہ۔ بسفائج ریحی اصلی ۶ ماشہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ تخم گندنا ۱ تولہ۔ دال ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ جملہ ادویہ کو خوب باریک کر کے آب برگ گندنا سبز تازہ سے حاجت میں کھرل کر کے بقدر مٹر حبوب بنا لیں۔

خوراک: ۳ یا ۴ عدد گولیاں پانی یا عرق بادیان کے ہمراہ کھائیں

فوائد: خونی و بادی بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے

سنون اکسیر بائیریا رگ یشت خوردہ: گلنار فارسی ۱ تولہ۔ پھٹکری کابلی ۱ تولہ۔ مازو سبز ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ پوست انار ایک تولہ مغز بادام سوختہ ۱ تولہ۔ مجیٹھ سرخ ۱۰ تولہ۔ شاخ گوزن سوختہ ۱ تولہ۔ دودھ پٹھانی ۱۰ تولہ۔ کبابہ خنداں ۱ تولہ۔ کائپھل ۱ تولہ۔ ست اجوائن ۶ ماشہ۔

جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر منجن تیار کریں۔ دن میں تین بار ملیں۔ ایک گھنٹہ بعد کلی کریں۔

فوائد: دانتوں اور مسوڑھوں کے ہر مرض کے لئے بے حد تریاق الاثر ہے۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو یہ منجن بٹھاتا ہے۔ خون کو بند کرتا ہے دانتوں کو چمکدار بناتا ہے۔ منہ کی بدبو اور گندگی کو رفع کرتا ہے۔

کشتہ ابرک سیاہ :- مریضان دق کے لئے بہت مفید ہے۔ ابرک سیاہ حسب ضرورت لے کر لوہے کے تار سے اُسے مضبوط باندھ کر کوئلوں میں گرم کر کے روغن ملانہ میں بجھا دیں۔ اسی طرح گیارہ بار کریں۔ پھر دہی میں ایک روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک :- ایک سے تین چاول تک مکھن میں رکھ کر عرق بیر کے ہمراہ دیا کریں۔

نوٹ :- اس کشتہ کو تیار کرتے وقت روغن بلادر کے دھوئیں سے بچیں۔

کشتہ ہڑتال ورقی :- یہ کشتہ بھی مرض دق کے لئے مفید ہے۔ قلعی بمعنی، سیماب بمعنی ایک ایک تولہ لے کر عقد کریں اور نمک سے کھرل کر کے پانی سے دھوتے جائیں یہاں تک کہ سیاہی دور ہو جائے بعدہٗ خشک کر کے ہڑتال ورقی ایک تولہ ملا کر آب گھیکوار میں ایک یوم خوب کھرل کر کے خشک کریں اور دو عدد صلاف مرداد بیر برابر منہ والی لیکر ان کے اندر دوائی مذکورہ ڈال کر منہ آردہ ماش سے بند کر کے کپڑ مٹی کر کے اور پانچ اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پھر صلایہ باریک کریں۔ ایک سے دو چاول تک مناسب بدرقہ سے دیں۔ یا مغز بادام ۱۰ عدد، طباشیر اصلی ۳ ماشہ پیس کر مسکہ گاؤ ۵ تولہ میں ملا کر اس میں کشتہ مذکورہ شامل کر کے دیں۔

کشتہ طلائے مرکب:- تپ دق کے لئے مفید ہے بدن میں طاقت اور توانائی پیدا کرتا ہے۔ برادہ فولاد۔ برادہ طلاء۔ برادہ تانبہ۔ سیماب مصفیٰ۔ ابرک سیاہ۔ سکہ۔ ہر ایک تین ماشہ لے کر دس یوم آب گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔ دو چاول مکھن کے ہمراہ دیں۔ اور دودھ کو لغذا ہضم پلائیں۔

کشتہ فولاد سرد:- برادہ فولاد عمدہ ۵ تولہ شیر مغز ببول ایک پیالہ نکال کر کسی چینی کے برتن میں بھگو دیں اور چند یوم دھوپ میں رکھیں جب خشک ہو جائے تو اس وقت شیر ببول اور ڈال دیں اور خشک ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک تین رتی ہمراہ مکھن

فوائد:- مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ دافع گرمی جگر و کثرت البول

کشتہ گئودنتی:- گئودنتی ہڑتال ایک تولہ دو عدد چقندر سبز کے پانی سے پیس کر ہڑتال کے اوپر گرد لیپ کر دیں اور خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں میں رکھ کر آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید بر آمد ہو گا۔ خوراک دو تین چاول مکھن میں دیں۔

فوائد:- کھانسی اور دمہ کے لئے نہایت مفید ہے

تدبیر سیماب:- پارہ مصفیٰ ایک تولہ۔ قرنفل دو تولہ۔ دونوں چیزوں کو کھرل میں ڈال ۵ پہر کامل کھرل کریں۔ یہاں تک کہ پارہ کی چمک نابود ہو جائے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک

چاول بتاشہ میں رکھ کر دودھ سے کھائیں۔

فوائد:۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

کشتہ سرب:۔ سرب یعنی سکہ دو تولے لیکر لوہے کے ہاون میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پگھلائیں۔ جب پگھل جائے تو اس میں دو دو چار چار دانہ تک یعنی پیپل ڈال کر لوہے کے دستہ سے نرم نرم چوٹ لگاتے جائیں۔ یہاں تک کہ دو تولہ نگھاں ختم ہو جائیں۔ پھر اسی طرح لونگ یعنی قرنفل کے دو دو چار چار دانے ڈال کر نرم ضرب کے ساتھ کوٹتے جائیں جب دو تولہ لونگ بھی ختم ہو جاویں اور سکہ خاکستر ہو جائے کپڑ چھان کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور بطور منجن دانتوں پر ملا کریں۔

فوائد:۔ امراض دنداں کے لئے بہترین نسخہ ہے۔

کشتہ ابرک سیاہ:۔ ابرک سیاہ دو ناب کو باریک کرکے کاک جھنگاں بوٹی کے رس میں کم از کم ایک ہفتہ کھرل کریں سبز رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ مناسب طریق سے ہر قسم کے بخار میں مفید ہوگا۔ تپ دق میں عرق گلو کے ہمراہ استعمال کریں۔ خوراک تین چار رتی۔

کشتہ جست:۔ جست حسب ضرورت لے کر برادہ کرکے چینی کے برتن میں ڈال کر آب لیموں میں تر کریں جب خشک ہو جائے کپڑ چھان کرکے محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ خارش۔ دھنبل۔ جالا وغیرہ کو نافع ہے۔ آنکھ

دکھنے میں استعمال کرتے ہیں۔ درد۔ سوزش اور ورم وغیرہ کو ایک دو روز میں آرام ہو جاتا ہے۔

کشتہ شاخ مرجان:۔ شاخ مونگا ۲ تولہ کو کھرل میں ڈال کر اول خوب باریک کریں۔ بعد ازاں تھوڑا تھوڑا عرق گلاب خالص ڈال کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ ایک پاؤ عرق مذکور ختم ہو جائے۔ دوائی تیار ہے۔ خوراک دو تین رتی ہمراہ مکھن یا بالائی شیریں میں کھائیں۔

فوائد:۔ جریان۔ قوت باہ۔ کھانسی۔ دمہ میں نہایت مفید ہے

کشتہ قلعی:۔ قلعی مصفٰی کو کسی صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر سوار کریں اور ایک ایک قطرہ شہد کا ڈالتے جائیں اور لکڑی سے الٹتے پلٹتے رہیں دو تین گھنٹہ کے عمل سے قلعی کشتہ ہو گی۔ خوراک ۲ رتی الائچی خورد اور طباشیر کے سفوف ایک ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد:۔ جریان۔ ضعف باہ اور سرعت کے لئے مفید ہے

کشتہ مردار سنگ:۔ مردار سنگ ۱۰ تولہ کو سو تولہ رس ادرک میں سات روز کھرل کریں اور خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔ خوراک دو رتی۔ صبح۔ دوپہر۔ شام کو حلوہ میں رکھ کر دیں۔ سات روز ترشی و نمک نہ کھاویں۔ صرف میٹھی اشیاء کھاویں۔ اس کے بعد سات دن صرف ترشی سے پرہیز کریں۔ نمک کھا سکتے ہیں۔ ۲۱ روز کا استعمال کافی ہے۔

فوائد:۔ آتشک کے لئے مفید ہے اور مصفی خون ہے۔

حبوب دافع ضیغہ:۔ پوست بیخ آکھ، مرچ سیاہ مساوی الوزن لیکر آب ادرک کے ساتھ خوب کھرل کریں۔ اور حبوب بقدر مرچ سیاہ بنائیں اور مریض کو ایک ایک گولی ساعت بساعت دیں۔

دیگر:۔ سونف ۹ ماشہ۔ پودینہ ۷ ماشہ۔ لونگ ۴ عدد۔ گلقند ۲ تولہ سب اجزا کو باریک کر کے گلقند میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور بقدر ۵۔ ۵ ماشہ ۲۔ ۲ گھنٹہ بعد دیں

دیگر:۔ عرق گلاب ۷ تولہ۔ الائچی خورد نیم کوفتہ ایک تولہ جوش دے کر پلائیں۔

آش جو۔ آب انار۔ آب انگور۔ آب نارجیل بجائے غذا دیں۔

دوا دافع وجع المفاصل:۔ سورنجان شیریں ۳ ماشہ۔ سنا مکی ۲۱ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۲ ماشہ تربد سفید ۹ ماشہ۔ مغز بادام ۹ ماشہ برگ حنا خشک ۷ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ قند سفید ۴ تولہ۔ اجزا کو باریک کر کے اس کا سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان کھلائیں۔

حبوب دافع آتشک:۔ پوست بیخ آکھ ۱۵ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۸ ماشہ۔ قند سیاہ حسب ضرورت۔ اجزا کوٹ چھان کر جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ اور صبح شام ایک ایک گولی کھلائیں۔ تا ۱۵ یوم

سفوف برائے سل و دق:۔ کافور تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ ملٹھی ۷ ماشہ۔ بہدانہ ۷ ماشہ۔ خشخاش سفید ۷ ماشہ۔

تخم خرفہ ۳ ماشہ۔ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ ۳ ماشہ۔ کتیرا ۱½ ماشہ۔ اجزار کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں

فوائد: سل و دق کے بخار کے لئے مفید ہے۔

دیگر:۔ بسنت مالتی کا رس ہمراہ شہد دن میں تین بار دیں

معجون حقانی برائے ذیابطیس:۔ تخم سداب ۳ ماشہ بلیلہ ۶ ماشہ۔ کندر ۶ ماشہ سعد ۶ ماشہ حب الآس ۶ ماشہ۔ شونیز ۹ ماشہ جدوار ۶ ماشہ۔ انجیر خشک ا تولہ فلفل ۶ ماشہ۔ ریش بابونہ مقشر ۴ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت اجزا کو باریک کر کے شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ا تولہ۔

دیگر:۔ کافور ۱ تولہ مشک خالص ۱ تولہ۔ افیون ۴ تولہ۔ جاوتری ۴ تولہ۔ اجزا کو خوب کھرل کر کے آب برگ پان کے ہمراہ ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح شام کھلائیں۔

جوشاندہ دافع نقرس:۔ گلو ۳ ماشہ۔ اننت مول ۳ ماشہ ناگرموتھا ۳ ماشہ۔ چرائتہ ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ پانی ادھ سیر میں اس قدر جوش دیں ¼ حصہ باقی رہے۔ پھر چھان کر نیم گرم پلائیں۔

دیگر:۔ سہانجنہ کی جڑ کو پانی میں جوش دیگر اس کے گرم پانی سے مقام درد پر سینک کریں۔

حبوب حقانی دافع ضیق النفس (دمہ) گل ملدار ۲ حصہ (گل ناشگفتہ آک) پیپل ایک حصہ۔ نمک لاہوری ایک حصہ۔ اجزا

کو باریک کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی دن میں تین دفعہ کھلائیں۔

دیگر:۔ تخم کتان (السی) حرمل (اسپند) مساوی الوزن پیس کر دو چند شہد میں ملا کر چٹنی بنائیں۔ خوراک ۱ ماشہ۔ دن میں تین چار دفعہ چٹائیں۔ ضیق النفس کے لئے نہایت مفید ہے۔

دیگر:۔ کشتہ بارہ سنگھا ۴ رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔

دیگر:۔ برگ بانسہ (خاردار) ۴ سیر قند سفید ۱ سیر نیل دانہ ۴۰ تولہ۔ گھی خالص ۱۶ تولہ۔ ۴ سیر پانی میں اس قدر جوش دیں اکسٹریکٹ کی صورت پر آجائے۔ پھر خشک ہونے کی صورت پر شہد خالص ایک سیر ملالیں۔ اور خوب حل کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔

حبوب دافع کھانسی:۔ صمغ عربی ۹ ماشہ۔ کتیرا ۹ ماشہ۔ بہدانہ ۹ ماشہ۔ تخم خطمی ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ خشخاش سفید ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ۔ قند سفید ۹ ماشہ۔ مغز بادام ۱۰ ماشہ۔ مغز پاتھا ۱۰ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۱۰ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۱۰ ماشہ۔ اجزا کو باریک پیس کر لعاب اسبغول میں ملا کر بقدر نخود حبوب بنالیں۔ اور روزانہ تین گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

دوا دافع ہچکی:۔ مور کے پر جلا کر اس کی راکھ شہد میں ملا کر چٹائیں۔

دیگر:۔ اڑد سیاہ (ماش سیاہ) بجائے تمباکو حقہ میں پئیں

دیگر:۔ کلونجی ۳ ماشہ ہمراہ لسی کے کھلائیں۔

معجون دافع دیدان شکم:۔ ملہپ۔ کدو دانہ۔ چمنے وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

پوست ہلیلہ کابلی ۳۰ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۳۰ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳۰ ماشہ۔ آملہ منقی ۳۰ ماشہ۔ برنگ کابلی ۳۰ ماشہ۔ ترید سفید مجوف ۳۰ ماشہ۔ حب النیل ۳ ماشہ۔ کمیلہ ۹ ماشہ۔ قسط تلخ ۹ ماشہ۔ نمک ۹ ماشہ شہد سہ چند۔ ادویہ باریک پیس چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک ۱۰ ماشہ۔

دیگر:۔ بکائن کی جڑ کی کھال ۲ تولہ۔ پانی ۳۲ تولہ۔ پانی میں اس قدر جوش دیں کہ آٹھ تولہ پانی رہ جائے۔ تھوڑا سا گڑ ملا کر سوتے وقت پیئیں۔ اسی طرح تین دن کریں۔

سفوف برائے سوزاک۔ قرحہ۔ ہلدی۔ کندر۔ ست بہروزہ۔ کاکنج۔ دم الاخوین مساوی الوزن لیکر بہت باریک سفوف بنائیں

خوراک ایک ماشہ تین دفعہ دن میں ہمراہ آب تازہ۔

دیگر:۔ پھٹکڑی ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ پانی ایک سیر۔ پانی کو گرم کر کے ہر دو دوائیں حل کر کے چھانیں اور سرد کر کے احلیل میں پچکاری کریں۔

دیگر:۔ قلمی شورہ۔ سنگ جراحت۔ الائچی سرخ۔ ست بہروزہ۔ کباب چینی۔ ہلدی مساوی الوزن بہت باریک پیس کر سفوف

بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ۔ تین دفعہ دن میں ہمراہ پانی کھلائیں۔

دیگر:۔ کشتہ قلعی۔ بنسلوچن۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی سفید ہموزن سفوف بنائیں۔

خوراک:۔ ایک ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ شیرہ کاکنج ۳ ماشہ۔ شیرہ خارخسک ۲ ماشہ کے کھلائیں۔

معجون حنفائی برائے صرع یا مرگی:۔ قسط شیریں ۱۰ ماشہ کبابہ ۱۰ ماشہ۔ سونٹھ ۱۰ ماشہ۔ دیودار ۱۰ ماشہ۔ بھنگرہ سیاہ ۲۷ ماشہ مرچ سیاہ ۲۷ ماشہ عاقرقرحا ۲۷ ماشہ۔ گنج پیپل ۲۷ ماشہ تخم سن ۲۷ ماشہ۔ گوگل ۱۲ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت۔ سب دواؤں کو دو دن تک کوٹ کر شہد ملاکر معجون بنائیں اور بقدر چھ ماشہ صبح شام کھلائیں۔

دیگر:۔ حالت دورہ میں کڑوی توری پانی میں پیس کر دو تین قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

دیگر:۔ گیدڑ کے مرارہ میں سیاہ مرچ بھر کر رکھ چھوڑیں جب خشک ہوجائیں تو دو یا تین مرچیں پانی میں پیس کر نتھنوں میں ٹپکائیں:۔

دیگر:۔ کلونجی ۲ تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ صبر سقوطری ۶ ماشہ۔ ہر سہ اجزاء کو روغن گنجد میں پیس دورہ کے وقت چند قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

معجون دافع صداع (دردسر) پوست ہلیلہ زرد۔ مغز کتیرہ

خشک۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ منقیٰ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ گھی اور شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ۲ تولہ ہر روز سوتے وقت

دیگر:۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست آملہ۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ سنائکی ایک تولہ۔ تربد مجوف خراشیدہ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ سب اجزا کو باریک کر کے روغن بادام میں ملائیں۔ اور قند سفید سہ چند کے تمام کے ساتھ معجون بنائیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

حبوب دافع جذام (کوڑھ) پارہ ۶ ماشہ۔ سم الفار ۳ ماشہ کندر ۱۸ ماشہ۔ ریوند چینی ۹ ماشہ۔ ریوند ببول ۶ ماشہ۔ آب لیموں ۱۰۰ عدد میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔ ایک گولی دو دفعہ دن میں دیں۔ اور ترشی سے پرہیز کرائیں۔

دیگر:۔ ببول کی چھال ۲ تولہ۔ نیم کوفتہ کر کے رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر پئیں۔

ضماد دافع برص ابیض (پھلبہری) پھٹکری۔ شورہ قلمی ۲۔ گل ارمنی۔ بشیطرج۔ خبث الحدید۔ سب متساوی الوزن بہت باریک پیس کر سرکہ میں خوب کھرل کریں اور پھلبہری کے داغوں پر لگائیں۔

دیگر:۔ سیاہ سانپ کا خون پھلبہری کے داغوں پر لگانا مجرب ہے۔

دیگر:۔ بابچی ۴ ماشہ کو رات کے وقت بھگو رکھیں۔ صبح

اب زلال پلائیں۔ اور گھوٹ کر داغوں پر لگائیں۔

دوا حقانی برائے درد کان:۔ مولی کے پتوں کا پانی ۲ حصہ۔ روغن کنجد ا حصہ۔ ہر دو اجزا کو ملا کر اس قدر جوش دیں کہ پانی سب جل جائے اور روغن باقی رہے پھر صاف کرکے دو تین قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

دیگر:۔ اسپند ا ماشہ۔ مالکنگنی ا ماشہ۔ اجوائن ا ماشہ۔ روغن کنجد ۳ ماشہ۔ اجزا کو ملا کر آگ پر رکھیں جب دوائیں جل جائیں تو روغن کو سرد کرکے چھان لیں۔ اور نیم گرم دو تین قطرے کان میں ڈالیں۔

دوا دافع نزول الماء۔ موتیابند۔ ابتدا میں صلہ عینین پر جونکیں لگائیں۔ یا پلستر سے چھالا ڈالیں

دیگر:۔ نرملی نہایت باریک پیس کر شہد میں ملا کر آنکھوں میں لگائیں۔

دیگر:۔ مغز سہنگیٹ ۲ حصہ۔ افیون ا حصہ نہایت باریک پیس کر پانی کے ساتھ شیاف بنائیں اور آنکھوں میں گھس کر لگائیں

دیگر:۔ نوشادر نہایت باریک مثل غبار پیس کر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں۔

دوا برائے اختناق الرحم:۔ کافور۔ ہینگ۔ ۵۔ ۵ رتی۔ سفوف کرکے بقدر دو رتی کھلائیں:۔

سفوف برائے جریان الرحم:۔ تال مکھانہ۔ بکرکس

موچرس ۔ بالچھڑ ۔ مصطگی ۔ خشخاش سفید ۔ ہر ایک ایک درہم ۔ موصلی سیاہ
۲ ماشہ ۔ دال ۸ ماشہ ۔ ثعلب مصری ایک عدد ۔ مانہ ایک عدد ۔ سفوف
بنائیں ۔ اور خوراک ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دیں ۔

سفوف برائے کثرت طمث: مغز سنگھاڑا ۔ ۲ تولہ ۔ کرکس ۱ تولہ
نبات سفید ۳ تولہ ۔ اجزا کو پیس کر سفوف بنائیں ۔ اور اس کی ۷ پڑیاں
بنائیں ۔ ہر روز ایک پڑیہ کھلائیں ۔

دیگر: ۔ بیخ گزر ۲ تولہ کا دو شاندہ بنا کر پلائیں ۔

معجون دافع بواسیر: ۔ بلادر ایک سیر نیختہ ۔ پانی ۳۲ سیر ۔ بلادر کو
بک جا کر کے ابالیں ۔ یہاں تک کہ ۱/۴ حصہ پانی باقی رہ جائے ۔ پھر چھان کر
اس میں ۱۶ سیر دودھ اور چار سیر گھی شامل کر کے جوش دیں جب قوام گاڑھا
ہو جائے تو اس میں دو سیر مصری ملا کر قوام درست کریں اور ۷ روز کے
بعد استعمال کریں ۔ خوراک دو ماشہ ۔

حب نشاط: ۔ کشتہ نقرہ ۔ جاوتری ۔ زعفران ۔ ریگ ماہی ۔ ہر ایک
ایک تولہ و نصف ماشہ ۔ سمندر سوکھ ۔ جوزبوا ۔ ہر ایک ۹ ماشہ زہر مہرہ ایک ماشہ
د ۲ سرخ ۔ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ ۔ مشک ۔ زعفران ۔ کشتہ نقرہ کو گلاب
میں حل کریں ۔ اور بقیہ ادویات باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق پان
میں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں ۔

معجون ممسک خاص: ۔ مغز بادام شیریں ۔ مغز فندق ۔ مغز چلغوزہ
مغز گردگان ۔ مغز تخم کدو شیریں ۔ مغز تخم کاہو مقشر ۔ افیون خالص ۔ بھنگ ہر

ایک ۶ ماشہ۔ جدوار۔ بسباسہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک چھ سرخ۔ عسل خالص ساڑھے تین تولہ۔ حسب معجون بنائیں۔

خوراک:۔ ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون طلا جواہر والی:۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت سرخ۔ زمرد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ورق طلا ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ۔ عسل خالص ساڑھے سات تولہ آب سیب شریں۔ آب انار شیریں۔ مصری ہر ایک دس تولہ۔ گلاب ۱۰ تولہ عرق گاؤزبان۔ عرق بیدمشک۔ ہر ایک چالیس تولہ۔ بطریق معجون بنائیں۔

خوراک:۔ تین ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

کشتہ یاقوت جوہر والا:۔ یاقوت سرخ چھ ماشہ۔ بسد مرجان ہر ایک تین ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ایک ہفتہ تک گلاب کے ہمراہ سماق کی کھرل میں خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اگر آگ میں کشتہ کرنا ہو۔ تو گلاب اور شراب برانڈی میں کھرل کر کے قرص بنائیں۔ اور بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح دس بار بار کھرل کر کے آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک:۔ ایک سرخ ہمراہ مسکہ گاؤ۔

حب جواہر کافوری:۔ مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت سرخ۔ زہر مہرہ۔ کہربائے شمعی لعل بدخشاں یشب کافوری قیصوری ہر ایک ڈھائی ماشہ۔ پوست بیخ زنجبادہ۔ صندل سفید گل ارمنی ہر ایک

دو ماشہ و دو سرخ - رب السوس - صمغ عربی - کتیرا - نشاستہ - گل نیلوفر
سرطان محرق - طباشیر سفید - پوست خشخاش - تخم خشخاش - گل گاؤ
زبان ہر ایک ساڑھے چار ماشہ - زعفران پونے چار سرخ - جواہرات کو گلاب
میں کھرل کریں - اور دوسری ادویات کو کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں ملا کر
حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں -

خوراک :- ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ -

فوائد :- سل - دق - نفث الدم میں مفید ہے - نیز مقوی
اعضاء رئیسہ ہے

اکسیر سیلان حقانی :- گل انبہ - گل فوفل - گل پستہ - پوست بیرون
پستہ - صمغ ڈھاک - خشتا خسک خرد - مخاث - نخ قلمی - ہر ایک ایک تولہ
خستہ تمر ہندی مقشر ۳ تولہ مغز خستہ الائچی - ۹ ماشہ - برادہ صندل سفید ۹ ماشہ
مصطگی اصلی - ثعلب مصری - الائچہ جبہ شیریں - مازو سبز - موصلی سفید - گلنار فارسی
ہر ایک ایک تولہ - کوٹ چھان کر قلعی مقتول ۳ ماشہ شکر سفید ہموزن ملا کر رکھ
لیں - خوراک :- ایک تولہ صبح تازہ پانی یا گائے کے تازہ دودھ ایک پاؤ کے
ساتھ کھلائیں -

فوائد :- یہ نسخہ ہر قسم کے سیلان الرحم کے لئے اکسیر کامل
ہے - چند ہی خوراک کے استعمال سے فائدہ شروع ہوتا ہے -

حب خفقانی دافع اسہال :- کات سفید ۵ ماشہ - زعفران

۳ ماشہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ خوب کھرل کر کے پانی کی مدد سے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک:- ایک سے دو گولی تک ہمراہ پانی کے بابدر نہ ہونا ہے۔

فوائد:- یہ گولیاں اسہال کہنہ کے لئے بے حد مفید ہیں۔ اس کے استعمال سے ہر قسم کے اسہال کہنہ دفع ہوتے ہیں۔

حب مقوی باہ و ممسک:- جدوار بنفسجی۔ افیون۔ زعفران خالص۔ سب اندوبہ مساوی ان کر کے پانی کی مدد سے چھ گھنٹہ کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک سے دو گولی تک تازہ پانی یا گائے کے دودھ سے دیں۔

فوائد:- یہ گولیاں وقتی اور طبعی امساک پیدا کرنے کے لئے اکسیر صفت ہیں۔ قوت باہ میں بھی بہت زیادہ اضافہ کرتی ہیں وقتی ضرورت کے لئے تین گھنٹہ پہلے استعمال کرائیں۔

حب دافع قوبا:- چوکیہ سہاگہ۔ سیماب۔ تخم پنواڑ۔ گندھک آملہ سار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر سب دواؤں کو ملا کر آب لیموں کاغذی میں شامل کر کے خوب کھرل کریں۔ پھر بقدر کنار دشتی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

وقت ضرورت گولیوں کو آب لیموں کاغذی میں حل کر کے ضماد کریں

فوائد:- یہ گولیاں داد کے لئے مجرب ہیں۔

سفوف ہاضم :- نمک لاہوری۔ نوشادر کابلی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ دار فلفل ۲ ماشہ۔ نمک سیاہ ۴ ماشہ۔ ہینگ ۴ ماشہ جوکھار ۳ ماشہ۔ نمک شیشہ ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ خوراک، ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

فوائد :- معدہ کی جملہ شکایات کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید اور مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے ضعف ہاضمہ۔ ترش ڈکاریں نفخ شکم۔ درد شکم وغیرہ بہت جلد دفع ہو جاتے ہیں۔

حب مقوی :- عود ہندی۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ فلفل سفید تج۔ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ تخم بالنگو ۷ ماشہ۔ فلفل دراز۔ گل بابونہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک ½۳ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ کوٹ چھان کر شہد قدرے حاجت کی آمیزش سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ سرعت کے لئے وقت خاص سے ۲ گھنٹے قبل دیں۔

فوائد :- مقوی باہ ہے اور سرعت انزال میں فائدہ دیتی ہے

حب جوز زعفرانی :- جوزبوا ۶ عدد۔ افیون خالص ۲ ماشہ جوز میں سوراخ کر کے افیون کی بتیاں بنا کر اس میں دیدیں۔ اور آرد گندم میں لپیٹ کر گھی میں بریان کریں۔ بعدہٗ آٹا علیحدہ کریں اور جدوار خطائی۔ دارچینی۔ قرنفل۔ زرنباد۔ دانہ الائچی خورد۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ ہر ایک ½۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ گوند

کیکر ۶ ماشہ۔

ادویہ کوٹ چھان کر گوند کیکر کو پانی میں بھگو کر اس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔ اور چاندی کے ورقوں سے ملفوف کر کے رکھیں

ایک سے دو گولی روزانہ دودھ کے ہمراہ صبح کو دیں۔ سرعت کے لئے وقت سے قبل دو گھنٹہ دودھ سے دیں۔

فوائد :۔ رقت منی اور سرعت انزال کے لئے مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔

حب یاقوت :۔ خاد زہر حیوانی۔ یاقوت زمرد۔ لعل بدخشانی۔ مروارید ناسفتہ۔ مصطگی رومی۔ درونج عقربی۔ حب بلسان ہر ایک ۱/۲ ۴ ماشہ۔ زعفران جند بید ستر۔ مومیائی خالص۔ ہر ایک ۱/۲ ۱ ماشہ۔ مشک خالص۔ عنبر۔ ہر ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰۰ عدد ورق طلا ۱۰ عدد۔

جواہر کو پیس کر باقی ادویہ کوٹ چھان لیں۔ اور سب کو باہم ملا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے مومیائی اور مشک کو روغن زیتون میں حل کر کے شامل کر کے دوبارہ کھرل کریں۔ اور نخودی گولیاں بنائیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے ان کے اوپر سونے کے اوراق چڑھائیں

دو گولی روزانہ صبح کو دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ یا صبح و شام ایک ایک گولی دیں۔

فوائد:- ضعف باہ، ضعف دل کے لئے بے نظیر ہیں۔
ان کے استعمال سے دو روز میں ایک قوت اور طاقت پیدا ہوتی ہے

معجون نانخواہ:- نانخواہ - تخم گندنا - زنجبیل - ہر ایک
دس درہم - بیخ کرفس ۵ درم - مصطگی ۳ درم - عود خام دو درم
عاقرقرحا ۱ درم - زعفران - بسفائج ہر ایک ایک درم - سب ادویہ
کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں معجون تیار کریں

نوٹ:- ایک درم ۳½ ماشہ کے برابر ہوتا ہے

خوراک:- دو سے تین درم۔

فوائد:- معدہ جگر کو تقویت پہنچاتی ہے۔ مشتہی طعام۔
قاتل کرم شکم - کاسر ریاح - سیلان لعاب دہن اور بدبوئے دہن میں مفید ہے۔

حب کشمش:- قرنفل ۲ ماشہ - بادیان ۴ ماشہ - افتیمون
۳ ماشہ - گل بنفشہ ۲ ماشہ - پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ - کشمش تازہ ایک
تولہ - سنائے مکی ۱ تولہ - ترنجبین خراسانی ۲ تولہ - گلقند آفتابی ۲ تولہ -
کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ چھان کر گلقند اور کشمش میں ملا کر دوبارہ
کوٹیں - جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں بنالیں۔
خوراک ۹ ماشہ - اسہال کے لئے دو تولہ۔
فوائد مسہل خوش ذائقہ ہے مواد غلیظہ کو خارج کرتا
ہے۔

سفوف مصطگی:- سنگھاڑا خشک ۶ ماشہ - گوند ببول

۲ ماشہ - نشاستہ ۴ ماشہ - تالمکھانہ ۴ ماشہ خصیۃ الثعلب ۴ ماشہ - مازو ۳ ماشہ - پھٹکڑی ۳ ماشہ - نبات سفید ہموزن ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک :- ۵ تا ۷ ماشہ۔

فوائد :- جریان سرعت انزال اور رقت منی میں مفید ہے۔

حب پیدائشہ : نشاستہ، صمغ عربی - رب السوس خشخاش سفید - اور افیون ہموزن لیکر تمام ادویہ کوٹ چھان کر لعاب بیدانہ کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک :- ایک تا دو گولی - بچوں کے لئے نصف

فوائد :- کھانسی میں بہت مفید ہے۔ خاص طور پر بچوں کی کالی کھانسی - اور بڈھوں کی پرانی کھانسی۔

قرص عنبر : عنبر اشہب ساڑھے تین تولہ - نبات سفید نصف سیر - گلاب ایک بوتل - ورق طلاء چار ماشہ۔

نبات سفید کو تیار کر کے اس کا قوام تیار کر لیں - عنبر اس میں شامل کر لیں - اور ہلاتے تھوڑا تھوڑا گلاب ٹپکاتے جائیں تاکہ قوام بالکل سفید ہو جائے - جب قوام قرص بنانے کے قابل ہو جائے تو کسی چینی یا چاندی کے برتن میں ڈال کر قرص بنالیں۔

فوائد :- دل دماغ - اعضاء رئیسہ اور تمام بدن کو قوت دیتی ہے۔

سفوف دافع جریان:- شقاقل مصری۔ ثعلب مصری مصطگی رومی۔ دار چینی۔ طباشیر۔ تخم تالمکھانا۔ سوڑیاں سنگھاڑا خشک۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ خار خسک ۲ تولہ۔ چینی ۴ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور سب کی ۲۸ پڑیہ بنائیں۔

صبح و شام ایک ایک پڑیہ ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد:- جریان کو مفید ہے۔

سفوف دافع جریان:- جوز بوا ۴ تولہ کو آب خشخاش میں سات مرتبہ تر و خشک کر کے بعد ازاں زنجبیل چار تولہ۔ لونگ ۲ تولہ مستگی تین تولہ۔ چینی ۲ تولہ۔ کبنگ ۲ تولہ لے کر سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

صبح و شام تین تین ماشہ ایک ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ کھائیں

فوائد:- جریان کے لئے مفید ہے۔

نوٹ:- آب خشخاش میں تر و خشک کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک تولہ خشخاش کو اڑھائی تولہ پانی میں پیس کر چھان کر اس جوز بوا مذکورہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے بھگوئیں جب خشک ہو جائے دوبارہ یہی عمل کریں۔ اسی طرح سات بار تر و خشک کریں۔

حب مقوی باہ و ممسک:- جوز بوا۔ بسباسہ۔ افیون۔ مائی۔ مصطگی رومی۔ زعفران۔ ناگیسر۔ موچرس۔ کوگل۔ چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر اصلی۔ اجوائن خراسانی۔ ثعلب مصری۔

سلاجیت اصلی ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح کو ایک گولی دودھ کے ہمراہ دیں۔ اور امساک کے لئے وقت خاص سے دو گھنٹہ پہلے۔ دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے

حب جریان خاص:۔ سنگھاڑا خشک ۲ تولہ۔ طباشیر خالص ۲ تولہ۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ باریک کر کے ایک چھٹانک بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو یا تین گولیاں روزانہ پانی یا دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد:۔ جریان اور سرعت انزال کے لئے مفید ہیں

حب ممسک خاص:۔ جائفل۔ زعفران۔ شنگرف رومی افیون۔ شہد خالص۔ ہر ایک ایک تولہ۔ ادویہ کو کوٹ کر شہد میں ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ قوت باہ کے لئے روزانہ ایک گولی دودھ کے ہمراہ اور امساک کے لئے ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل گائے کے دودھ کے ساتھ دیں

فوائد:۔ ممسک ہیں قوت باہ میں اضافہ کرتی ہیں سرعت انزال زائل کرتی ہیں۔

حب جریان:۔ موصلی سیاہ ایک پاؤ کو تین پاؤ گائے کے دودھ میں جوش دیں جب دودھ جذب ہو جائے تو سائے میں خشک کر کے سفوف بنائیں اور جائفل۔ جاوتری ہر ایک ۵ تولہ

کوٹ چھان کر اس میں اضافہ کر کے شہد خالص کی آمیزش سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ دیں

فوائد:- دافع جریان اور مغلظ منی ہونے کے علاوہ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہیں۔

حب جواہر:- مروارید ناسفتہ تین ماشے۔ بیخ مرجان ڈھائی ماشے۔ یشب سبز ڈیڑھ ماشہ۔ عقیق سرخ ڈیڑھ ماشہ۔ یاقوت سرخ یاقوت زرد۔ فیروزہ ہر ایک دو ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ساڑھے تین ماشہ نارجیل دریائی۔ زعفران ہر ایک ایک ماشہ۔ ورق نقرہ تین ماشہ ورق طلا ڈیڑھ ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ عنبر اشہب ایک ماشہ ان سب دواؤں کو عرق ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور اوپر سونے یا چاندی کے ورق چڑھا کر رکھیں۔

حب جواہر ایک عدد دوا المسک معتدل جواہر والی چھ ماشے میں رکھ کر کھائیں۔ اگر چاہیں تو اوپر سے دودھ پئیں یا کوئی مناسب عرق پئیں

فوائد:- میعادی بخار یا کسی دوسری شدید بیماری کے بعد جسمانی کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لئے نہایت مفید ہے اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتی اور حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے۔

حب ارغشہ:- لونگ بالچھڑ۔ اسطخودوس۔ ہر ایک ۱۰½ ماشہ۔ دارچینی۔ پودینہ خشک۔ ہلیلہ کابلی۔ ہر ایک ۷ ماشے۔ ہینگ عاقرقرحا۔ تربد۔ جندبیدستر۔ ہر ایک چار ماشے۔ عاقرقرحا۔ زعفران

ہر ایک تین ماشے۔ سم الفار ۲ رتی۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر شہد خالص
میں گوندھیں۔ اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک صبح کو تھوڑا
سا حلوہ کھا کر اوپر سے دو گولی سے چار گولی تک کھائیں۔

فوائد:۔ رعشہ میں خصوصیت سے مفید ہیں۔

ذرور کافور:۔ شورہ قلمی۔ کتھہ سفید۔ الائچی خورد۔ گل سرخ۔ ہر ایک
چھ ماشے۔ کافور تین ماشے۔ توتیا سبز بریان ڈیڑھ ماشہ سب کو کافور کے
سوا باریک پیس چھان کر کافور شامل کر کے کھرل کریں۔ جب کافور اچھی
طرح مل جائے تو شیشی میں ڈاٹ لگا کر رکھیں اور روزانہ صبح و شام
منہ میں چھڑکیں۔

فوائد:۔ اگر قلاع مرض ہو یعنی منہ عرصہ سے آیا ہو اور کسی
دوا سے اچھا نہ ہوتا ہو تو اس کے استعمال سے اچھا ہو جاتا ہے۔

حب عنبری:۔ عالیجناب حکیم صاحب مرحوم کا اسراری نسخہ جو
تجربہ پر ہمیشہ بے مثل ثابت ہوا ہے۔ عام طور پر فوری ضرورت کے ماتحت
یا ایسے نوجوانوں کے لئے جو شرم و حیا کی وجہ سے خاموش رہتے ہیں اور عین
شادی کے وقت ان مایوس نوجوانوں کو خودکشی کے خیالات سے نجات دلاکر
صرف ایک ہی خوراک ناقابل برداشت طاقت کا احساس کرا دیتی ہے چھ
گھنٹے کے بعد بے حد انتشار پیدا ہوتا ہے۔ اور یہی طاقت کافی عرصے تک
قائم رہتی ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

مشک خالص ۴ ماشہ۔ مصطگی رومی ۴½ ماشہ۔ قرنفل ۴½ ماشہ۔ عنبر اشہب ۹ ماشہ۔ ثعلب مصری ۹ ماشہ۔

خولنجان ۹ ماشہ۔ عنبر کو روغن بلسان میں گداختہ کریں اور باقی اشیاء کو باریک کرکے اس میں ملالیں۔ اور ۴-۴ رتی کی گولیاں تیار کریں۔ چار گولی بقدر ۲ ماشہ وقت سے ۲ گھنٹہ وقت سے پیشتر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

اکسیر سیلان الرحم:۔ سہاگہ نیم بریان ایک تولہ۔ مازو نیم سوختہ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ مروارید ۲ ماشہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ سفوف کچلہ مدبر ۱ تولہ تمام ادویات کو خوب باریک کرکے عرق گلاب میں کھرل کریں اور گولیاں بقدر نخود سیاہ بنالیں۔ صبح و شام روزانہ ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ نگل جایا کریں۔ تیل۔ گڑ۔ ترشی اور بڑے گوشت پرہیز کریں۔

طلائے مبہی:۔ سم الفار زرد موسیہ ۲ تولہ۔ کشتہ طلا ۱ ماشہ سفوف الماس ۲ رتی۔ سیماب مصفیٰ ایک تولہ۔ مذکورہ بالا ادویات کو ۵ تولہ عرق لیموں میں کھرل کریں اور پانی جذب ہو جانے پر ایک ایک رتی کی گولیاں بناکر خشک کرلیں۔ اور حفاظت سے رکھیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی شبنم یا آب سلیمہ میں حل کرکے حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔

حب ممسک خاص:۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ زعفران ایک ماشہ۔ شنگرف ۱ ماشہ۔ دارچینی ایک ماشہ۔ مازو ایک ماشہ ریگ ماہی ایک ماشہ۔ لونگ ۳ رتی۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ نکچھکنی ۳ رتی۔ کائپھل ۳ رتی۔ تمام ادویہ کو اب ادرک

میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔ دو گولی وقت خاص سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ شیر گاؤ کھا لیں

فوائد:۔ امساک کے لئے بہترین چیز ہے۔ اگر کامل پرہیز چالیس روز تک ایک ایک گولی صبح شام دودھ کے ساتھ استعمال کر لیں تو پرانی سرعت ہمیشہ کے لئے نیست و نابود ہو جاتی ہے۔ اور گیا گذرا انسان بھی قابل تحریف ہو جاتا ہے۔

منجن اکسیر دنداں:۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ فلفل سفید ۳ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ عقر قرحا ۳ گل دیگ داں ۳ ماشہ نمک سیاہ ۳ ماشہ۔ زاج بریاں ۳ ماشہ۔ تمباکو ۳ ماشہ کتھا ۳ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ۔ توتیا سبز ۳ ماشہ۔ پوست بادام سوختہ ۲ تولہ تمام دواؤں کو الگ الگ باریک کر کے ایک جگہ ملا کر رکھ لیں۔ روزانہ رات کو دانتوں پر بقدر ۲ ماشہ مالش کیا کریں۔ یہ منجن دانتوں کی تمام بیماریوں کے لیے مفید ہے۔

حب بواسیر بادی:۔ بیخ پلاس ۱ تولہ۔ جنطیانہ ۲ تولہ جدوار ۱ تولہ۔ ناگ دون ۲ تولہ۔ رسوت خالص ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ پوست آملہ ۲ تولہ۔ رسکپور ۲ تولہ۔ صندل سرخ ۲ تولہ۔ کتھا ۱ تولہ۔ آب برگ نیم ۱ تولہ۔ آب مہندی ۱ تولہ آب برگ حنا ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ آب

ترب تازہ ۱۔ سیر کوفتنی ادویات کو خوب باریک کریں۔ اور تر ادویات ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب تمام پانی خشک ہو جائے تو نشاستہ خالص حسب ضرورت ملا کر گولیاں بقدر ۲ سرخ بنایا کریں۔ روزانہ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق کیوڑہ اور عرق بادیان ہر ایک ۳-۳ ماشہ استعمال کریں۔

غذا لطیف اور زود ہضم استعمال کریں۔ غلیظ۔ بادی و نفاخ اشیا سے پرہیز کریں۔

تریاق اٹھرا:۔ زیرہ گلاب (زرد ورد) ۴ ماشہ کستوری خالص ایک ماشہ۔ طباشیر اصلی ۳ ماشہ۔ زعفران خالص ۴ ماشہ۔ برگ تلسی ۲ تولہ۔ بسباسہ ۲ تولہ۔ تخم بھنترا ۱۱ عدد۔ برگ شہدیوی ۴ تولہ۔ تمام ادویہ کو مثل غبار باریک کریں۔ اگر قرار حمل نہ ہو تو روزانہ ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دیں۔ حمل کی حالت میں ایک ہفتہ تک تین گولیاں روزانہ یعنی ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک گولی شام کو دیں۔ پھر وضع حمل تک ایک گولی روزانہ استعمال کرائیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کی ماں کو بدستور روزانہ ایک گولی اتنے بچہ دودھ پلاتا رہے اور بچہ کو چوتھائی گولی دودھ میں گھس کر دیتے رہیں۔

اکسیر زناں:۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ جندبیدستر ۳ ماشہ۔ زعفران خالص ۹ ماشہ۔ جدوار خطائی ۳ ماشہ۔ ناگ کیسر ۹ ماشہ صبر سقوطری ۹ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ نرکچی ۹ ماشہ۔ نشادر دبیبی ۳ ماشہ

شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۶ ماشہ۔ تخم کرفس ۹ ماشہ
تمام ادویات کو باریک کرکے لعاب گھیکوار میں کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنائیں

خوراک و فوائد:- ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ جوشاندہ پھلی املتاس ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۲ تولہ۔ کشمش ۲ تولہ۔ سونف ۳ تولہ منقی سیاہ ۱۰ عدد۔ برگ گاؤزبان ۳ تولہ۔

یہ دوا ان عورتوں کے لئے ہے جن کو حیض نہ آئے یا کم مقدار میں آئے۔ یا بے قاعدہ درد کے ساتھ آئے۔ اس کے لئے اس کا استعمال مفید ہے۔ اور حیض کی خرابی سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً اختناق الرحم۔ مالیخولیا۔ جنون۔ بیرگی۔ خارش۔ درد کمر۔ طبیعت کی گھبراہٹ وغیرہ کو بھی فائدہ دیتا ہے۔ اور تمام خرابیاں دور ہوکر حیض باقاعدہ پوری مقدار میں آنے لگتا ہے۔

طلائے ملذذ:- میعہ سائلہ ۶ ماشہ۔ شب یمانی ۶ ماشہ۔ عطر گلاب خاص ۲۰ قطرے اعلیٰ قسم۔ باہم ملا کر نرم آگ پر رکھ کر حل کرکے اتار لیں اور احتیاط سے رکھیں۔ وقت ضرورت تھوڑا سا طلا عضو مخصوص پر لگائیں۔ یہ طلا طرفین کے لئے موجب التذاذ مفرط ہے۔ اسکے استعمال سے وقتی شرمندگی کامرانی سے بدل جاتی ہے۔ انتہائی کیف و سرور کے باعث طرفین کے لئے بالکل بے ضرر چیز ہے۔

حب مفید النساء:- یہ گولیاں عورتوں کی تمام پوشیدہ امراض

کا شافی علاج ہیں۔ بندش یا کمی حیض یا تکلیف سے آنا۔ ماہواری ایام میں کمر درد۔ اعضا شکنی۔ ضعف جگر۔ کمی خون۔ بے قاعدگی حیض۔ نفخ المعدہ اختناق الرحم کے لئے بہترین ہدف ہیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

ست صبر سقوطری ۲ تولہ۔ مرکی ۲ تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ حلتیت ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ سب سے پہلے مرکی اور حلتیت کو آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب بالکل حل ہو جائیں تو باریک کپڑے سے چھان لیں۔ اور آب زلال کو آگ پر رکھ کر پکائیں جب گاڑھا ہونے لگے۔ تو باقی دوائیں ملا دیں اور اتار کر گولیاں بنا لیں۔ اور سائے میں خشک کر لیں۔

اکسیر طحال:۔ آب اماش بیل ایک پاؤ۔ آب لیموں کاغذی ایک پاؤ۔ نوشادر معدنی ایک چھٹانک۔ نمک سیاہ ½ چھٹانک۔ ان چاروں ادویہ کو عمدہ شیشی میں ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں۔ مگر یاد رہے شیشی کی ڈاٹ ذرا ڈھیلی رہے تاکہ عمل کیمیائی پیدا ہونے پر بوتل کہیں پھٹ نہ جائے۔ ایک ہفتہ کے بعد اچھی طرح فلٹر کر لیں۔ اور ½ تولہ فراسیٹ ایمونیا سائٹراس اس میں ملا دیں بس دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک چمچہ چائے صبح و شام قبل از غذا۔ عظم جگر اور معدہ کے لئے اکسیر ہے۔

پیٹ کے کیڑے:۔ ایکسٹریکٹ فلکس فرن ½ ڈرام۔ میسیلج اکیشیا حسب ضرورت۔ سپرٹ کلوروفارم ۲۰ منم۔ اکوا منتھا پیپ ۱ اونس

صبح نہار منہ پلائیں۔ اور چار گھنٹے کے بعد مگنیشیا سلفاس کا جلاب دیں۔

دیگر۔ پل جلیپ کیلومل اینڈ سٹیمنی بہت گولیاں ہیں
خوراک ۲ گولی ہمراہ آب تازہ بوقت خفتن اور صبح مگنیشیا سلفاس ٹھ ماشہ
کا مسہل دیں۔ بہت مفید ہے۔

کشتہ سہ دھاتہ: قلعی۔ جست۔ سکہ۔ ہر ایک پانچ پانچ تولہ کسی لوہے کی موٹی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور خوب تیز آنچ دیں۔ اور ساتھ ہی قلمی شورہ سفوف کر کے رکھ لیں جب تینوں دھاتیں پگھل جائیں تو ان پر ایک چٹکی قلمی شورے کی ڈالیں اور بڑ (برگد) کی لکڑی سے خوب ہلائیں جب شورہ اچھی طرح جل جائے اور دھواں اس کا ختم ہو جائے تو دوسری چٹکی ڈال دیں اور اسی طرح تمام شورہ ختم کر دیں۔ لیکن یہ احتیاط رکھیں کہ کہ پہلا شورہ بالکل جل جائے۔ اور اس کا دھواں باقی نہ رہے۔ تب دوسری چٹکی ڈالیں۔ اس کے بعد اس سہ دھاتہ کو ایک گلی کوزہ میں گل حکمت کریں۔ اور ایک من اوپلہ صحرائی کی محفوظ ہوا آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کسی دیگچہ یا ناند میں پانی بھر کر اس میں ڈال دیں۔ اور تین چار مرتبہ پانی بدل دیں تاکہ شوریت نکل جائے پھر اس کشتہ کو کڑھائی میں ڈال کر حسب سابق نیچے تیز آگ روشن کریں اور پوست خشخاش ۱۰ تولہ الائچی خورد ۲½ تولہ۔ طباشیر ۲½ تولہ ان تینوں ادویہ کا سفوف بنا کر چٹکی چٹکی دھاتوں کے کشتہ پر ڈال کر ختم کر دیں اور اتار کر ٹھنڈا کر دیں۔ پھر آب نیم۔ آب بھنوار گندل۔ یا آب مولی حسب

ضرورت میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۲۵ سیر
اوپلہ کی آگ دیں۔ اور سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی وغیرہ۔

فوائد:۔ جریان کہنہ کو ہفتہ میں بند کر دیتا ہے بعض اعضا رئیسہ۔ مولد خون۔ قاطع صفرا۔ کمزوری جگر۔ نہ ٹکن غرضیکہ گرم مزاج لوگوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

گھی دودھ اور مکھن وغیرہ کا استعمال خوب کریں۔ ترش اور تیل کی تیار کردہ اشیاء اور مقاربت سے پرہیز ضروری ہے

کشتہ فولاد:۔ برادہ فولاد حسب ضرورت لیکر چینی کے برتن میں ڈالیں اس کے اوپر ہاتھی سونڈی بوٹی کا پانی اس قدر ڈالیں کہ برادے کے اوپر چار انگل آجائے۔ جب سوکنے لگے اور ڈال دیں موسم گرما میں مہینہ سوا مہینہ تک پانی پڑتا رہے اور موسم سرما میں دو مہینہ تک۔ گرد و غبار سے برتن کو محفوظ رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جائے کشتہ تیار ہو گیا۔ صبح شام اور دوپہر کو سرکنڈے سے ہلا دیا کریں گو سرکنڈا ہر وقت نیا ضروری ہے یعنی ہر روز تین وقت میں تین سرکنڈے استعمال کریں۔ خوراک ایک تنکہ (دانگ چاول) ہمراہ مسکہ وغیرہ

نوٹ:۔ ہاتھی سونڈی مشہور بوٹی ہے پتے سبز دو ڈھائی بالشت لمبائی۔ شہتوت کی مانند لمبی لمبی شاخیں سفید پھولوں کے خوشے۔ شاخ سے اختتام پر لگتے ہیں جو ہاتھی سونڈ کے مانند جھکے اور مڑے ہوئے ہوتے

ہیں۔

فوائد:۔ یہ بس یرقان کو دور کرتا ہے۔ دل جگر معدہ کو خصوصیت سے مفید ہے۔ چہرے کا رنگ سرخ کرتا ہے دق کے لئے بھی مفید ہے۔ گرم مزاج لوگوں کے لئے یہ عجیب تحفہ ہے۔

اکسیر درد گردہ:۔ جوا کھار ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ لوٹا کھار ۱ تولہ سہاگہ ۱ تولہ۔ پھٹکری ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ کھاجوری ۱ تولہ۔ کشتہ سنگ یہود باب ۱ تولہ۔ تر ب تیار شدہ ۱ تولہ افیون خالص ۱ ماشہ۔ ہیرا ہینگ ۱ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم۔ بدن پر بادام روغن کی مالش کرتے رہیں۔

فوائد:۔ درد کو سکون بخشتا ہے پیشاب لاتا ہے پتھری کو تحلیل کرتا ہے۔ مارفیا انجکشن کا بدل ہے۔

کشتہ جواہرات:۔ مرجان ۱ تولہ۔ زمرد سبز ۳ ماشہ۔ یاقوت اعلیٰ ۳ ماشہ۔ یشب سبز ۲ ماشہ۔ عقیق سرخ ۳ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ تمام چیزوں کو نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر گل سرخ بہاری کے تازہ پانی میں ۱۲ گھنٹے لگاتار زور زور سے ہاتھوں سے کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اس کے بعد پانچ تولہ گل سرخ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور ۲۵ سیر

اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔ یہ کشتہ جواہر مہرہ سے جلدی اثر کرتا
ہے۔

کشتہ فولاد:- یہ کشتہ فولاد شنگرفی بھی دو جیون کا ایک
جزو ہے۔ اس لئے عام کی سہولت کے لئے درج کیا جاتا ہے۔
برادہ فولاد حسب ضرورت لیکر اس کے اوپر گھیکوار کا لعاب
ڈالیں کہ اس کے اوپر ایک انچ آ جائے۔ پندرہ دن تک پڑا رہنے دیں
بعد کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں۔ اور ۵ اسیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے
پر ان ٹکیوں کو پیس کر ترپھلہ کے جوشاندہ میں دو دن کھرل کر کے ۱۵ اسیر
اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر فولاد سے نصف وزن میں شنگرف ملا کر دودھی
شیر گاؤ ترش میں خوب کھرل کریں اور قرص بنا کر بدستور سابق ۱۵ اسیر
اپلوں کی آنچ دیں اور یہ عمل سات بار کر کے کشتہ تیار کریں یہ کشتہ
بے نظیر تیار ہوگا۔

اکسیر ہیضہ:- حلتیت ۶ ماشہ۔ تخم مرچ سرخ ۹ ماشہ۔ پوست
بیخ مدار ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۹ ماشہ۔ موم شہد ۱ تولہ۔ تمام
چیزوں کو باریک کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک:- ایک گولی سے ۲ گولی تک ہیضہ کے لئے بہتر ہے

اکسیر عبرمان:- موصلی سفید ۳ تولہ۔ برادہ اسپغول ۳ تولہ۔ ستاور
۵ تولہ۔ سنگجراحت ۵ تولہ۔ کشتہ سہ دھات ۶ ماشہ۔ کھانڈ ۱۶ تولہ تمام ادویہ
کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔ اور کشتہ ملا کر ایک پڑیہ تیار

کریں۔ پانی یا دودھ کے ساتھ ایک پڑیہ روزانہ کھایا کریں۔ جریان احتلام اور سرعت کے لئے مفید ہے۔

اکسیر قلب:۔ طباشیر ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۹ ماشہ۔ ناریل دریائی ا تولہ۔ صندل سفید ا تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۹ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۹ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۴۰ تولہ۔ مانند غبار کرکے عرق میں خشک کریں۔

خوراک:۔ ۹ ماشہ بدرقہ مربہ سیب۔ آملہ۔ گاجر وغیرہ

فوائد:۔ اختلاج قلب۔ خفقان۔ ضعف۔ غشی۔ دق الاطفال اسہال وغیرہ میں مناسب بدرقہ سے اکسیر کا کام دیتا ہے۔

اکسیر معدہ:۔ سوڈا بائی کارب ۵ تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ نمک سیاہ ایک تولہ اجوائن دیسی ۲ تولہ۔ زنجبیل ا تولہ مرچ سیاہ ۹ ماشہ فلفل دراز ۹ ماشہ۔ ست اجوائن ا ماشہ۔ ست پودینہ ا ماشہ۔ ست کافور ا ماشہ تمام چیزوں کو باریک کرکے سفوف بنالیں۔ خوراک ا۔۲ ماشہ۔

فوائد:۔ درد معدہ۔ ضعف ہضم۔ قراقر۔ قے وغیرہ کو مفید ہے ہیضہ تخمہ کو بھی فائدہ مند ہے۔

دیگر۔ جملہ امراض معدہ کے لئے نافع ہے۔ اپھارہ۔ درد شکم کیلئے فائدہ بخش۔ بدہضمی۔ نفخ۔ قراقر کو دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ ہے اور ہاضمہ کو قوی کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرکے جزو بدن بناتی ہے۔ دماغ کی ہیلائش کو دور کرتی ہے۔ علاوہ ازیں ہر قسم کے بخاروں میں نافع ہے نیز طاعون

پلیگ کے لئے بالخصوص نافع ہے۔ دانتوں پر ملنے سے درد کو تسکین ہوتی ہے۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

اجوائن دیسی ۸ تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲ تولہ۔ گل مدار ۲ تولہ۔ پوست بیخ مدار ۲ تولہ (در سایہ خشک کردہ) نمک دیسی سائیدہ ۸ تولہ۔ تیزاب گندھک ۵ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کرلیں اور ایک بوتل میں تھوڑا سا تیزاب ڈال کر اوپر تھوڑا سا سفوف ڈالیں پھر تیزاب ڈالکر اوپر سفوف کی تہ جمائیں اسی طرح تمام تیزاب اور سفوف ختم کردیں۔ ۴ گھنٹہ کے بعد کسی سلاخ سے ہلاکر ایک جان کرلیں۔ دوائی کا رنگ سیاہ ہو جائیگا

خوراک :- ۲ سے ۴ سرخ تا ۱ ماشہ ½ ۱ ماشہ۔

• :- بدہضمی میں چار رتی ہمراہ عرق گلاب یا عرق سونف پانچ تولہ

• :- درد شکم میں ہمراہ آب گرم

• :- طاعون پلیگ میں اکسیر ہے ۱ ماشہ تا ½ ۱ ماشہ ہمراہ عرق گلاب یا عرق سونف۔

• :- درد دانت میں بطور منجن ملیں اور رال بہادیں۔

قرص ہاضم :- زیرہ سفید ۲ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ خردل ۲ تولہ نمک سنگ ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ نمک سانبھر ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ۔ سفوف کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ تمام ادویات کو پیس کر قرص ۴ رتی وزنی تیار کرلیں۔ خوراک ایک قرص صبح اور ایک شام بعد از غذا

نسخہ مستند برائے قبض :- قرنفل ۲ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ

بادیان ۳ ماشہ۔ بادیان ۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ
کشمش سبز ۱ تولہ۔ سناکی ۲ تولہ۔ ترنجبین مصفّٰی ۲ تولہ گلقند ۲ تولہ تمام
ادویات کو باریک کوٹ کر گلقند اور کشمش کے ساتھ کھرل کریں۔ ایک
جان ہو جائیں تو گولیاں بنا کر خشک کر لیں۔

۱۔ طبیب نامی حکیم گرامی محمد مہدی بن جعفر بن محمد حسن نے اپنی قرابادین معدن تجربات تاریخی نام والی ۱۱۸۵ھ میں اسی نسخہ کو "حب انبیدون" کے نام سے موسوم فرما کر امراض معدی کے تدبیروں میں انعالاً تحریر فرمایا

کسے کہ از مسہل کراہیہ و نفرت داشتہ باشد وقتے کند و در عمل مسہل
قصور افتد سود دہد۔

۲۔ حکیم ذکار اللہ خان جنت مکانی نے اس نسخہ کو "ذکائی" میں "حب مبارک" کے نام سے نامزد فرما کر خواصاً یوں ارقام فرمایا ہے۔

ہر کہ از مسہل کراہت و نفرت دارد بایں حب برآورد جہت تدارک قصور عمل مسہلات کہ بسہولت مواد غلیظ کثیر خارج نمایند امار دیگر از استعمال مسہل باید دارد و جہت استعمال مدام ور دفع قبض مدام نافع ترین اشیاء است معمول و مجرب"

۳۔ ناص دہلوی حضرت حکیم شریف خان خلد آشیانی نے مجربات اعظم دستور چہ وحتوییں مقالہ پانچویں فصل مرکبات حاشیہ علاج الامراض میں اسی نسخے کو بغیر کسی تبدیل اسم خاص زیب ترقیم فرما کر حوالہ خامہ فیض شمامہ فرمایا کہ

جہت ازالہ قبض و استعمال ہمیشگی نہ ماشہ تا یک تولہ؛ جہت اسہال

دو تولہ۔

۴۔ حکیم نصراللہ خان عرش آشیاں وصال تخلص صاحب رسالہ اکبر الدین ابن حکیم ثناء اللہ خان قزاق شاہجہان آبادی نے اس نسخہ کو "حب کشمش" کے نام سے نامزد کر کے اپنے مجربات میں حسب انداج علاج الامراض قائم فرمایا

۵ ناظم جہاں حکیم اعظم خان صاحب مرحوم مغفور نے قرابادین اعظم کے امراض معدی میں "حب مبارک" نام کے ساتھ نامزد فرما کر تاثیراً ارقام فرمایا کہ "دافع درد شکم و دافع قبض" نسخے کے آخر میں فرمایا کہ

اگر تربد و سونٹھ قدرے افزائید بہتر باشد۔

۶ یکم نمبر ۸ رجب فروری ۱۹۱۶ء کے رسالہ رفیق الاطبار خاص الخاص سالانہ نمبر کے بارہویں صفحے پر ۶۲ وال نسخہ تلک عشرہ کاملہ کے سلسلہ میں مقبول کرنیں حکیم سید احمد حسین کوئٹہ بلوچستان والے کی طرف سے جو شائع کیا گیا وہ یہی تحفہ قبض کشا ہے چنانچہ مولوی صاحب لکھتے ہیں۔

"قبض دائمی ہو یا بواسیری یا غیرہ یہ حب میرے خاندان میں مجربات سے ہیں۔ جو مریض مسہل سے نفرت رکھتے ہوں اُن کے واسطے بھی نہایت موزون ہیں قبض رفع کرنے کو ۹ ماشہ روزانہ بوقت خواب اور مسہل کے واسطے صبح کو کوئی مسہلہ دوا بھی دو بدیں تو سہولت سواد غلیظ و کثیر کا تنقیہ ہو جاتا ہے۔

شربت شفا :۔ گل سرخ ۶ ماشہ سناکی ۶ ماشہ۔ بنفشہ ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ مویز ۳ عدد۔ تمام ادویہ کو جوش دیکر ۱/۲ پاؤ مصری ڈال

کو تمام کریں۔ بچے کو ۶ ماشہ صبح و شام چٹائیں یا پانی میں ملا کر دیں۔
بچوں کے تمام امراض مثلاً قبض۔ پیٹ کا درد۔ مروڑ۔ بدہضمی۔ جی متلانا
کمزوری وغیرہ مفید ہے۔

مغلظ منی :۔ تالمکھانا ۱ تولہ۔ بیج بند ۱ تولہ۔ آرد سنگھاڑا ۱ تولہ۔
موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ بہمن ۱ تولہ۔ تودری ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو سفوف کریں

خوراک :۔ ۳ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

تریاق درد گردہ :۔ ایک بچھو مار کر اس سے دوگنا گڑ ملا کر خوب کھرل
کرو جب یکجان ہو جائے تو اس کی نخودی گولیاں تیار کریں۔ درد گردہ کے مریض
کو پانی سے ایک گولی کھلاؤ درد فوراً بند ہو جائیگا۔ اور مریض تندرست
ہو جائیگا۔

اکسیر سوزاک :۔ سوزاک کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ بیس بیس
سالہ پرانا مرض اس سے جاتا رہا۔ عورتوں اور مردوں کے لئے یکساں مفید ہے
نوشادر ۸ تولہ پھٹکڑی سرخ ۲ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ کشتہ صدف صادق ۲ تولہ۔ جوا کھار
۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۴ ماشہ۔ شیر مدار (آک کا دودھ)
حسب ضرورت ادویہ بالا کو کوٹ کر شیر مدار میں تین یوم تک تر
رکھیں بعد ازاں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر حسب دستور معروف جوہر
حاصل کر لیں۔ اور احتیاط سے رکھیں۔ ایک رتی ہمراہ دیسی کھانڈ یا
بتاشہ میں استعمال کرائیں۔

برائے جملہ امراض چشم :۔ پھٹکڑی سرخ ۶ ماشہ۔ کشتہ جست

ایک تولہ۔ دونوں چیزوں کو آب شیریں میں حل کر لیا جائے اور چھوٹی چھوٹی
گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ بوقت ضرورت آب شیریں میں چینی کے چمچے یا دو پانی
عرق میں حل کر کے دودھ سا بنا کر صبح، دوپہر اور شام یعنی رات کو سوتے
وقت آنکھوں میں ڈالیں۔ بجز بلغمی آنکھ کے ہر قسم کی تکلیف یا آشوب
چشم کھٹک، خارش۔ دھند وغیرہ کو فائدہ کرتا ہے۔ اور زود اثر ہے۔

برائے حصاة وریگ مثانہ:۔ پھٹکری ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ
ڈاسچی ایک تولہ۔ سہاگہ ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ باہم سرمہ سا پیس کر سفوف کر لیا جائے
بقدر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ پانی استعمال کیا جائے۔ تین روز میں
کنکر گلا کر نکال دیتا ہے۔ اور لطف یہ کہ ہاضم اور مشتہی ہے۔ یہ نسخہ کئی برس
سے تجربہ میں ہے جو بالکل بے ضرر اور نہایت مفید ہے۔ اگر مہینے میں دو چار بار
استعمال ہوتا رہے تو پھر دوام کو نجات ملتی ہے ورنہ گردہ وغیرہ جو بوجہ حصاة
ہوں وہ بھی ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جاتے ہیں۔ اگر پیسہ ڈیڑھ پیسہ بھر کی
پتھری بھی ہو گی تو نکل جاتی ہے۔

حب قبض کشا:۔ عصارہ ریوند ایک تولہ۔ ایلوا ایک تولہ مصطگی
رومی اصلی ایک تولہ۔ باہم پیس کوٹ کر پانی سے بقدر جوار سفید گولیاں بنائیں
پانچ گولیاں سوتے وقت ہمراہ گرم دودھ یا آب تازہ یا آب گرم نگل جائیں
صبح کو کھل کر اجابت ہو گی اور بچوں کے لئے بحساب و لحاظ عمر ایک سے
۲-۳ گولیاں تک بدستور دیں۔

برائے وجع الفواد:۔ یہ نسخہ بالکل معجزہ ہے اسکے دورے

کے وقت مریض بالکل بیہوش ہو جاتا ہے۔ اس حالت میں جب مریض کو دوائی دی گئی تو وہ فوراً ہوش میں آ گیا۔ اور بھلا چنگا ہو گیا۔

شیر شتر ۲ سیر پختہ۔ نمک لاہوری ۸ تولہ ایک بڑی ہانڈی میں اونٹ کا دودھ نمک ڈال کر نرم آنچ پر آہستہ آہستہ پکائیں۔ چونکہ آنچ تیز ہو جانے پر دودھ اُبل جائے گا جب گاڑھا ہونے کے قریب ہو جائے۔ تو زعفران ۶ ماشہ پیس کر ملا دیں۔ اور لکڑیاں نیچے سے نکال لیں۔ صرف کوئلوں پر ہی آہستہ آہستہ پکائیں جب حلوا سا ہو جائے اتار کر سایہ میں خشک کریں اور سفوف بنا کر بوتل میں مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں۔ دو تین برس تک کام دیتا ہے۔

خوراک:۔ ۲ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ۔ غذا شوربا روٹی

پرہیز:۔ دودھ دہی۔ چاول۔ چربی ہر قسم۔ کی ٹھنڈی اور بادی چیزوں سے۔

برص کا مجرب علاج:۔ منڈی ۲ تار۔ شاہترہ ۱ تار۔ سبز چھال درخت نیم ۱ تار۔ پوست کیکری ۱ تار۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تار۔ چرائتہ ۲ تار۔ دیوندچینی ۲ تار۔ چوب چینی ۲ تار۔ عناب ۲ چھٹانک۔ تمام چیزوں کو مٹی کے مٹکے میں ڈال کر بھگو دیں۔ چار دن بعد دس سیر پختہ عرق کشید کریں اور احتیاط سے رکھیں۔

بابچی نگ ۱ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ بابچی ۲ تولہ۔ تینوں چیزوں کو پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں

ہر روز صبح شام سفوف بقدر ۴-۴ ماشہ پھانک کر اوپر سے عرق
مذکورہ ۳ چھٹانک پی لیا کریں:: سرے غایت تیسرے ماہ مرض جاتا رہیگا

روغن دافع اعوجاج خلقی و دافع باریکی:- نہایت بے

نظیر اور زود اثر چیز ہے۔ فائدہ مند ہے۔

ہو بادنجان نسلی (بینگن) (کہ بر درخت پختہ زرد شدہ باشد) ۴ عدد فلفل دراز ۳ تولہ- لوہے کی سیخ سے بینگنوں میں سوراخ کرکے فلفل دراز ان میں بھر کر سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر انہیں تین پاؤ روغن کنجد میں پکائیں۔ کہ بھرتہ ہو جائیں۔ ہاتھ سے مل کر مغز تخم بیدانجیر ۶ تولہ- قسط تلخ ۶ تولہ- پوست بیخ چنبیلی ۴ تولہ- پوست بیخ کشنیز سفید ۴ تولہ- بیر بہوٹی ۴ تولہ- بچھناگ ۴ تولہ گندھک ۴ تولہ- زرنیخ ۳ تولہ- قرنفل ۳ تولہ- مصطگی رومی ۳ تولہ- سہاگہ ۳ تولہ مال کنگنی ۳ تولہ- گھنگچی ۳ تولہ- گھنگچی سفید ۳ تولہ- انیسون ۳ تولہ- خراطین خشک سعفی ۳ تولہ- سم اسپ سیاہ ۳ تولہ- سنبل الطیب ۳ تولہ- سم الفار سفید ۳ تولہ- بذرالبنج ۳ تولہ- عاقرقرحا ۳ تولہ- دارچینی ۳ تولہ بسباسہ ۲ تولہ- زراوند طویل ۲ تولہ- کاکڑہ ۲ تولہ- تخم کنج ۲ تولہ پیپلامول ۲ تولہ- تخم جوز ماثل ۲ تولہ- تخم شلجم ۲ تولہ- تخم ترب ۲ تو سرطان نہری ۹ تولہ- قیمہ گوشت سانڈہ ۹ تولہ- خراطین تازہ ۹ تولہ- ناریل کہنہ ۱۰ تولہ- مشک خالص ۴ ماشہ۔

ان تمام چیزوں کو ملا کر دن رات دو آتشہ شراب اور شیر میش میں تر رکھیں۔ بعد شراب دو آتشہ حسب ضرورت میں پیس پیس کر ٹکڑی کر کے روغن مذکورہ سحق کریں اور ٹکیاں بنا کر بطریق معروف آتشی شیشی میں روغن کشید

کریں۔ یہ روغن تقویت قضیب خصوصاً مجلوق معلوج القضیب معوج الذکر کے لئے اعجاز مسیحائی کا حکم رکھتا ہے۔ نعوظ اور سبلری میں سریع التاثیر ہے۔ اور مجرب المجرب ہے۔

جریان و رقت منی:۔ یہ سفوف میرے بہت تجربہ کا ہے۔ جریان اور رقت منی خواہ کیسی ہی دیرینہ مزمن ہو۔ ہفتہ عشرہ میں فائدہ کر دیتا ہے۔ کلونجی ۳ ماشہ۔ ثعلب مصری ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ خشخاش ۳ ماشہ۔ اندرجو شیریں بکدہ ۳ ماشہ۔ سپستان ۳ ماشہ۔ تخم اوٹنگن ۳ ماشہ موصلی سیاہ ۳ ماشہ۔ موصلی سفید ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ گوند سنبھل ۳ ماشہ گوند ڈھاک ۳ ماشہ۔ گوند ناگوری ۳ ماشہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔

تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور ہموزن شکر سفید ملا کر ایک تولہ کشتہ قلعی ملا کر رکھیں۔ اور بقدر ۷ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں

حبوب بواسیر:۔ خونی بواسیر کے دور کرنے میں اکسیر صفت ہیں۔ صدہا مرتبہ میرے تجربہ میں آچکی ہیں۔

کیرو ایک تولہ۔ مقل ایک تولہ۔ مغز بکائن ایک تولہ تینوں چیزیں آب گندنا میں پیس کر گولیاں بنائیں۔ دو گولی صبح اور دو گولی شام دودھ یا آب تازہ سے کھائیں۔ بواسیر کے خون کو بند کرنے کے لئے اکسیر چیز ہے

حب پیچش و دست:۔ ہر قسم کے دست و پیچش کے لئے طلسماتی گولیاں مشہور ہیں۔ سنگرہنی دور کرنے میں بھی اکسیر ہیں۔

چھوہارہ ایک عدد۔ افیون ۲ رتی۔ چھوہارہ کی گٹھلی نکال کر اس کی جگہ

افیون رکھ دیں اور بدستور ملا دیں۔ پھر تھوڑا سا آرد گندم گوندھ کر یہ دوا بیچ میں رکھیں اور آٹے کا پیڑا سا بنا کر تنور یا بھوبل (گرم راکھ) میں پکائیں جب آٹا سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر ٹھنڈا کر لیں۔ اور اندر سے یہ دوا نکال کر باریک کھرل کر کے نخود کی گولیاں تیار کر لیں۔ بوقت ضرورت مناسب بدرقہ مثلاً عرق بادیان یا آب انار دانہ یا آب آہن تاب یا آب چاول سے دن میں تین چار بار کھلائیں۔ بہترین چیز ہے۔

برائے برص مجرب:- ایک سانپ لیکر اس کا پیٹ چاک کر لیں۔ اور تمام آلائش سے صاف کر کے شاہترہ (خشک ہو یا تر) بھر کر اس کو سی دیں۔ پھر اس سانپ کو کوئلوں پر بھونیں جب خوب بھن جائے تو اندر سے شاہترہ نکال پیس لیں اور برص پر لگائیں دو دن رات میں بفضلہ برص کا قلع قمع ہو جائے گا۔

نیز مارسیاہ کا خون بھی برص پر لگانا مفید ہے۔

سفوف سوزاک کہنہ وقرحہ:- قلب الحجر بقدر حاجت لے کر پوٹلی باندھ کر دودھ میں جوش کریں جب نصف دودھ جل جائے نکال کر رکھ دیں۔ پیس کر کام میں لائیں۔

خوراک:- ایک ایک ماشہ صبح وشام۔

دوائے تقطیر البول:- پیشاب کے قطرہ قطرہ آنے میں مفید ہے۔ مقوی باہ بھی اعلیٰ درجہ کا ہے۔

اجوائین خراسانی۔ پرانا گڑ۔ مالکنگنی کھلا ہوا اور کچلہ ہر ایک

دس تولہ۔ جائفل جاوتری۔ لونگ۔ مشک زعفران ہر ایک ۲ ماشہ۔ دانہ
الائچی خورد ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو بطریق پتال جنتر کشید کریں۔

خوراک:۔ نہار منہ ایک قطرہ بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔

سفوف برائے جریان کہنہ:۔ مغز تخم تمر ہندی ۲۰ تولہ
صمغ عربی ۱۰ تولہ۔ بیضہ مرغ ۱۰ تولہ۔ بیج۔ سی اسبغول ۵ تولہ۔ مصری
۲۰ تولہ۔ کوفتہ بیختہ سفوف سازند۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ **فوائد:** جریان کہنہ کیلئے
مفید ہے

حبوب برائے جریان و سیلان الرحم:۔ کشتہ بیضہ مرغ
۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ کشتہ سنکھیا ۱ تولہ۔ کشتہ صدف ۱ تولہ۔ کشتہ یشب ۱ تولہ
کشتہ مرجان ۱ تولہ۔ کشتہ عقیق ۱ تولہ۔ کشتہ سیپ ۱ تولہ۔ کشتہ سیسہ ۱ تولہ
کشتہ قلعی ۱ تولہ۔

سمندسوکھ ۲ تولہ۔ بیجبند ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی
۳ تولہ۔ ثعلب پنجہ ۵ تولہ کبوکپل ۱ مر۔ ریش برگد ۲ تولہ۔ کوفتہ بیختہ۔
حبوب بقدر نخود بنائیں **خوراک** ۲ گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ

فوائد:۔ جریان و سیلان الرحم کے لئے مفید ہیں۔

حبوب معدہ:۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ ہینگ
نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ نمک کانچ۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ صمغ
عربی ہر ایک دس تولہ ادرک کے رس میں نخودی گولیاں بنالیں

خوراک :- ۲ گولی دن میں تین بار بعد از طعام پانی کے ہمراہ دیں
فوائد :- ریاحی درد کو دور کرتی ہے۔ اور سینہ میں جما ہوا بلغم
نکالتی ہیں۔

حبوب خفانی :- اجوائن۔ سونف۔ نمک لاہوری۔ ہلیلہ سیاہ
زیرہ سفید۔ مصطگی رومی۔ ایلوا ہر ایک دس تولہ۔ سب ادویہ کو الگ الگ
پیس کر ملا لیں۔ گوند ساڑھے دس میں حل کر کے اسکی مدد سے نخودی گولیاں
بنا لیں۔ خوراک :- ایک تا ۲ گولی دن میں تین بار ہمراہ پانی گرم۔
فوائد :- سردی۔ نزلہ۔ کھانسی۔ بخار کہنہ کے لئے اکسیر ہے۔ اور
ملین بھی ہے۔ آنتوں کے سدے کو چکنا کر کے نکالتی ہے۔

حب کبد حقانی :- نوشادر خام۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر
نمک سیاہ۔ سہاگہ سوختہ۔ نرکچور۔ سونف۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد
بائو برنگ۔ فلفل گرد۔ ہر ایک دس تولہ۔ گوند ۱۲ تولہ۔ عرق گلاب میں نخودی
گولیاں بنا لیں۔ خوراک :- دو دو گولیاں بعد از خوراک ہمراہ آب تازہ
فوائد :- جگر کی ہر قسم کی خرابی کا تیر بہدف علاج ہے۔

بواسیر ریحی :- مغز نیم کولی ۶ ماشہ۔ مغز تخم بکائن ۶ ماشہ۔ رسونت زرد
۶ ماشہ۔ گل سورج مکھی ایک عدد۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ باریک کوٹ کر سبز
ککروندہ کے پتوں کا پانی ملا کر چنے کی برابر گولیاں بنا لیں۔ پانچ گولیاں صبح
و شام کھلائیں۔ اور

نانخواہ ۴ ماشہ۔ برگ سداب ۴ ماشہ۔ صعتر فارسی ۴ ماشہ سویا [illegible]

۱۰ دانہ۔ پانی میں جوش دے کر اس کا جوشاندہ ہمراہ دیں۔

بواسیر دموی:۔ رسوت زرد ۴ ماشہ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ بیخ انجبار ۳۔ ریشہ برگد ۴ ماشہ کہربا شمعی ۳ ماشہ۔ کتھ سفید ۳ ماشہ اسپغول کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔ صبح و شام دو گولیاں کھلاکر

ریشہ برگد تخم خرفہ سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ بارتنگ ولائتی ۶ ماشہ حب الآس ۴ ماشہ کو پانی میں جوش دیکر ہمراہ پلائیں۔

مرہم ۱:۔ رسوت زرد ۶ ماشہ۔ مقل ارزق ۶ ماشہ۔ کف دریا ۶ ماشہ باریک پیس کر سفیدہ ویسلین ۳ تولہ میں اچھی طرح ملائیں۔

مرہم ۲:۔ مازو ۶ ماشہ۔ کت سفید ۶ ماشہ۔ دم الاخوین ۶ ماشہ۔ سنگ جراحت ۶ ماشہ۔ چمڑہ بوداز سوختہ باریک پیس لیں اور ۴ تولہ ویسلین میں اچھی طرح ملالیں۔

بخور برائے بواسیر ریحی۔ پوست بیخ کبر ۱ تولہ۔ برگ حنا ۱ تولہ مقل ارزق ۱ تولہ۔ سلخ الحیہ ۱ تولہ۔ باریک کرکے گھیکوار کے مغز میں ملائیں۔ اور جنگلی بیر کی برابر گولیاں بنالیں۔ اور بوقت ضرورت ان کو آگ پر رکھ کر دھواں لیں۔

قرق بواسیر ریحی:۔ برگ تنب سبز۔ برگ گندنا سبز۔ برگ ترب سبز۔ سورج مکھی سبز ہر ایک دو تولہ۔ برگ سہجن سبز ۳ تولہ۔ باریک پیس کر ہتھیلی کے برابر کپڑے پر لگاکر مسوں پر باندھیں۔

رسنج البواسیر:- گل سرخ ½ سیر۔ عرق بادیان دو آتشہ ۵ سیر ملا کر قلعی کے دیگچہ میں ڈالیں اور حسب معمول اس کا عرق کشید کریں۔ ۵ تولہ صبح و شام پیئں۔

ورم مقعد:- خاکسی ۱ تولہ۔ بسبوس گندم ۱ تولہ تخم خطمی ۱ تولہ۔ باریک کر کے تن زیب یا باریک ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں اور اس سے سینک کریں۔

قوا صبیر:- سفیدہ ½ ۲ تولہ روغن زیتون ۵ تولہ۔ ملا کر شیاف بنائیں۔ اور ناصور کے اندر رکھیں۔

حب ہیضہ:- دماغی و شلائی میں ایک جادو اثر دوا اور اکسیر ہے قریب المرگ اشخاص اس سے ۷۰ فیصدی صحت یاب ہوتے دیکھے گئے ہیں۔

کافور دیسی ۱ تولہ۔ پوست مدار ۳ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ تخم مغز لیموں ۱ تولہ۔ صبر زرد ۱ تولہ۔ انگوزہ ۱ تولہ پیپینہ اصلی ۱ تولہ۔ دارچینی دریائی ۱ تولہ۔ مرمکی ۱ تولہ زعفران ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۱ تولہ

ہر ایک دوا کو باریک کر کے آب ادرک بقدر ضرورت سے کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنالیں اور محفوظ رکھیں۔ ہیضہ کے مریض کو اجابت کے بعد ایک گولی عرق گلاب میں حل کر کے پلادیں۔ چار خوراک دیگر قدرت کا معائنہ کریں۔ بلا خوف مریض ہیضہ اس حالت میں تو یہ علاج دیں نبض بند ہو اور بدن سرد ہو ہاتھ پاؤں پاؤں کی انگلیاں نیلی ہوگئی

ہوں۔ گردن کی حرکت موجود ہو۔ انشاء اللہ کامیابی کا سہرا آپ کے سر ہوگا۔

نوٹ:۔ گرم پانی میں بادام روغن ڈال کر ایک پارچہ اس میں بھگو کر مریض کے معدہ پر لگاتے رہیں اور بار بار بدلتے رہیں۔ اس عمل سے عوارضات میں بہت نمایاں فائدہ ہوتا ہے۔ پانی مریض کو دیتے جائیں۔ معالج کو لازم ہے کہ علاوہ اس دوا کے اور طبی امداد کے اصول ضرور استعمال کرتا رہے۔

ذکاوت حس کا نایاب نسخہ:۔ ۲ ہو ۵ تولہ بذر بنج (اجوائن خراسانی) ۵ تولہ کشنیز ۵ تولہ۔ مغز تخم خیارہ ۵ تولہ۔ پوست اسبغول ۵ تولہ۔ برگ گل نیلوفر ۲½ تولہ۔ سب کو باریک کر کے خوراک ۲ ماشہ۔ ۱۰۔ ۱ ماشہ اسبغول مسلم اور ملاویں۔ گویا ایک پڑیہ کی ایک خوراک ہو جائے۔ صبح شام مندرجہ بالا سی۔ دہی یا پانی یا کسی شربت سے استعمال کرائیں

انشاء اللہ مایوس العلاج مریض اس سے قابل علاج ہو جائے گا۔

نیز ذکاوت حس سے تو بالکل کامیاب رہیگا۔

ذکاوت حس کے مریض زمانہ حال میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ ان کا علاج کچھ ایسے طرز سے کیا جاتا ہے۔ کہ ذکاوت حس رفع نہیں ہوتی جب یہ طریقہ اختیار نہ کیا جائیگا کسی اور دوا سے فائدہ کی امید رکھنا خام خیالی ہے۔

حب فولاد:۔ جدوار خطائی۔ کچلہ مدبر۔ کشتہ فولاد۔ سلاجیت خالص

افاقیہ خانہ ساز۔ جملہ ادویہ ہموزن لیکر شہد کے ساتھ حب بقدر نخود بنا لیں۔ **خوراک** :۔ ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا ہمراہ شیر

فوائد :۔ ضعف اعصاب درد کمر خون کی کمی اور ضعف باہ میں مفید ہے۔

حب ممسک :۔ رب بزرالبنج ۱ تولہ۔ رب کوکنار ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ تخم ریحان ۲ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ آب برگ کنب میں کھرل کریں اور گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ ممسک ہیں سرعت انزال کی شکایت کو ہمیشہ کے لئے رفع کرتی ہیں۔

اکسیر استحاضہ :۔ سنگ جراحت سوختہ۔ صدف صادق سوختہ بارہسنگا سوختہ۔ کہربا شمعی۔ بیخ مرجان سوختہ ہموزن لیکر سفوف بنالیں **خوراک** :۔ ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔ استحاضہ کو رفع کرنے کے علاوہ ہر قسم کے جریان خون کو بند کرنے کے لئے سو فیصدی کامیاب دوا ہے۔

اکسیر سیلان الرحم :۔ گل نوفل۔ گل پستہ۔ مازو سبز بے سوراخ۔ صدف صادق سوختہ۔ پوست بیضہ مرغ سوختہ۔ تخم سلیاہ شاخ مرجان سوختہ جملہ ہموزن لیکر سفوف بنالیں۔

خوراک :۔ ۴ رتی صبح ۴ رتی دوپہر ۴ رتی شام کو ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ پرانے سے پرانے سیلان الرحم کو روکنے کے لئے چوٹی کی کامیاب دوا ہے۔

حب مصفی خاص:- پھوڑے پھنسی۔ خارش۔ داد۔ چنبل پامبری اور فساد خون کے مہلک امراض کو رفع کرنے میں اکسیر ہے۔

رب چرائتہ۔ رب ریوند خطائی۔ رب بابچی۔ گندھک آملہ سار۔ تخم جنتری۔ (جھنجھن) تخم پنواڑ۔ رسوت سعطی۔ رب عشبہ۔ صبر سقوطری۔ رب برگ نیم۔ جملہ ادویہ مساوی الوزن لیکر حب بقدر نخود بنائیں۔ **خوراک:-** ایک تا دو حب صبح و شام ہمراہ آب تازہ دوران استعمال میں دودھ، گھی کا زیادہ استعمال کریں۔

اکسیر بخار:- ہر قسم کے بخاروں میں اکسیر ہے۔

مغز تخم کرنجوا۔ ست گلو۔ سوڈا اسیلی سلاس۔ پھٹکری بریاں۔ کشتہ گاؤزبان۔ جملہ ادویہ ہموزن لیکر سفوف بنالیں۔

خوراک:- ۲ رتی صبح ۲ رتی شام ہمراہ دودھ

حب سوکھا ساں:- زہر مہرہ خطائی۔ آملہ منقی۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ کیلشیم گلوکونیٹ۔ کہربا شمعی، کشتہ صدف مرواریدی۔ جملہ ادویہ ہموزن لیکر آب جغرات دو چند میں کھرل کر کے خشک کریں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

خوراک:- ایک ایک گولی صبح شام عرق گاؤزباں میں گھس کر دیں۔ بچوں کے امراض سوکھا کمزوری۔ قے۔ اسہال کو روکنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ دنوں میں بچہ موٹا تازہ ہوجاتا ہے۔

تریاق اطفال :- بدہضمی قبض، اسہال۔ سوکھا، عطاش۔ چیچک۔ خسرہ۔ ٹائیفائیڈ بخار۔ ضعف جگر، ضعف معدہ اور ناطاقتی وغیرہ کے لیئے اکسیر ہے۔

زرورد (زیرہ گلاب) برگ تلسی۔ ریوند خطائی۔ صندل سفید زیرہ سفید۔ ست گلو خالص۔ تخم کاسنی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کہربا شمعی زہر مہرہ خطائی جملہ ادویہ ہموزن لیکر سفوف بنالیں۔

خوراک :- ۲ رتی تا ۴ رتی حسب عمر و مزاج ہمراہ عرق بیدمشک و عرق گاؤزبان استعمال کرائیں۔

حب نایاب :- کھانسی، نزلہ، زکام، دردسر وغیرہ کے لیئے مفید ہے۔

جوز ماثل سیاہ۔ ریوند خطائی۔ زنجبیل۔ مغز پنبہ دانہ۔ دار چینی۔ چھوٹی چندن۔ جدوار خطائی۔ جملہ ادویہ لے کر ہمراہ شہد ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک :- ایک صبح ایک حب شام ہمراہ شیر استعمال کریں

تریاق ہیضہ :- ایک ایک گولی ہر دست کے بعد دیئے جائیں۔ ہیضہ کے حملہ کو روکنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ ہزاروں مریض ان گولیوں کے استعمال سے صحت یاب ہو چکے ہیں۔

زنجبیل۔ کافور خالص۔ مغز تخم لیموں۔ پودینہ ولائتی ہر ایک ایک تولہ۔ حلتیت ۶ ماشہ۔ تخم مرچ سرخ۔ پوست بیخ آک ہر ایک

۴ ماشہ ست پودینہ ۱ ماشہ۔ ست اجوائن ۱ ماشہ جملہ ادویہ کو خوب
باریک کریں اور سلفورک ایسڈ ڈائیلیوٹ ایک ڈرام ملا کر کھرل کر کے
حب بقدر نخود بنائیں۔

اکسیر ذکاوت حس :۔ رب بذر البنج۔ تخم تنبا۔ چھوٹی
چندن۔ ہموزن لیکر حب بقدر نخود بنائیں۔

خوراک :۔ ایک حب صبح ایک حب شام ہمراہ دودھ
استعمال کریں۔ ذکاوت حس کو رفع کرنے میں اکسیر چیز ہے۔

سفوف مغلظ و مولد منی :۔ تخم اٹنگن۔ بیج بند۔ تخم بھنگ
طباشیر۔ تخم سنگھاڑہ۔ الائچی خورد۔ سمندر سوکھ۔ اقاقیا۔ کہربا شمعی۔
ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ صدف
ہر ایک ایک ماشہ۔ ورق نقرہ کلاں ۳۰ عدد۔ کوٹ پیس کر سفوف
بنائیں۔ **خوراک** :۔ ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔ کے
استعمال سے مادہ تولیدیہ بہت زیادہ غلیظ ہو جاتا ہے۔ سرعت انزال اور ضعف
باہ کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

تریاق سنگرہنی :۔ کہربا شمعی ۳ ماشہ۔ کشتہ سنکھ ۳ تولہ۔
دارچینی ۲ ماشہ۔ پوست سنگدانہ مرغ ۵ تولہ۔ گلنار قرنفل ۳ تولہ۔ دانہ الائچی
خورد ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱/۲ ۱ تولہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ کشتہ
صدف صادق ۳ ماشہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک :۔ ۱ر ماشہ صبح ۱ر ماشہ دوپہر اور ۱ر ماشہ شام ہمراہ آب

اکسیر بخار :- اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ گلو جسگ ۱ تولہ
چرائتہ ۱ تولہ۔ برگ نیم ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ شاہترہ ۱ تولہ۔ کوزہ گلی میں ایک
سیر پانی ڈال کر رات کو بھگو دیں۔ صبح کو نتھار کر تقریباً مریض کو ۵ تولہ پلائیں
دن میں دو مرتبہ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ کہنہ بخار کی بیخ کنی کرتا
ہے۔

اکسیر آتشک :- رسکپور ۱ ماشہ۔ دارچکنا ۱ ماشہ۔ جواکھار اصیل ۱ تولہ
شورہ قلمی ۲ تولہ۔ باریک سفوف بنالیں

خوراک :- نصف رتی ہمراہ مسکہ دیں۔

اکسیر دمہ :- سم الفار ۲ ماشہ۔ طباشیر پانچ تولہ۔ نمک ارڈوسہ ۲ تولہ
نمک پھٹکڑی ۲ تولہ۔ باریک سفوف بنالیں

خوراک :- ایک رتی ہمراہ بالائی دیں۔

اکسیر باہ :- سم الفار ۱ رتی۔ ایسڈ بنزوئیک ۲ ڈرام۔ اس کی پوری
ایک سو خوراک بنالیں۔ ایک خوراک ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

اکسیر بخشیں :- پارہ سفید ۱ تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ ایک
ہفتہ تک بطریق کھرل کجلی بنائیں پھر اس میں افیون۔ ناگرموتھہ۔ مرچ رس۔
بیلگری۔ اندرجو شیریں۔ ہر ایک ۲ تولہ شامل کر کے خوب کھرل کر کے سفوف
بنالیں۔

خوراک :- ایک رتی ہمراہ عرق مناسبہ۔

دافع تشنج :- جائفل۔ جاوتری۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ مشک

خالص ہموزن کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک:۔ ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسب ہیضہ۔ مرگی اور طاعون کے ہر قسموں کے تشنج کے لئے عمدہ دوا ہے۔

قیروطی برائے تمدد و تشنج و کزاز:۔ جند بیدستر۔ افیون۔ میعہ سائلہ سنا ئیدہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ موم سفید ۲ تولہ (بروغن سوسن ۴ تولہ یا روغن بید انجیر ۴ تولہ گداختہ)

مندرجہ بالا ادویہ سحوقہ بہر رستہ بطور قیروطی بہ بارچہ طلا کردہ بہ عضو مائوف بچسپانند۔ از حد مفید است۔ بہتی اثر دارد تجربہ کردہ مطب اسلامیت

حب احمر:۔ بچھناگ مدبر۔ مرچ سیاہ۔ گندھک آملہ سار مدبر سہاگہ تیلیہ بریان ہر ایک ایک تولہ شنگرف مدبر ۲ تولہ۔ بچھناگ کے باریک ٹکڑے کر کے۔ ایک رات گائے کے پیشاب میں بھگو رکھیں۔ صبح کو پانی سے دھولیں مدبر ہو گا۔ شنگرف کو عرق لیموں میں پیس کر خشک کرلیں پاک ہو گا۔ جملہ ادویہ کا سفوف کر کے عرق بادیان یا ادرک کے رس میں خوب کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں

خوراک:۔ دو گولیاں صبح و شام۔ بچوں کو ایک گولی۔

ہر قسم کے بخاروں میں شہد کے ساتھ۔ ریح کے تپ میں چھاچھ کے ساتھ۔ سنپات میں ادرک رس میں اجیرن تپ میں لیموں کے رس سے گولیاں ۲ گھنٹوں میں دو دو تین سے زیادہ نہ دیں۔ موتی جھرا میں کھانے کے دو دو وقت سے دیں۔ اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھیں۔ احقر

کو دعائے خیر سے یاد فرماویں۔

مسہل عجیب ۔ جمالگوٹہ مدبر ۳ ماشہ۔ مغز بادام ۶ ماشہ۔ مغز تخم بید انجیر ۶ ماشہ۔ شکر سفید ا تولہ۔ تمام ادویہ کو خوب باریک پیس کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں

خوراک :۔ رات کو سوتے وقت حسب طاقت ایک سے دو گولی تک استعمال کرائیں تو عمدہ قبض کشا ہے۔ اگر جلاب زیادہ چاہیں تو چار گولیاں گرم پانی سے استعمال کرائیں۔ اگر جلاب زیادہ ہوں تو لیموں کا شربت پلائیں۔

سفوف مسیحائی :۔ اسپرین اور نوشادر ہموزن ملا کر خوب باریک پیس کر محفوظ رکھیں

خوراک :۔ مقدار ۳ رتی ہمراہ کافی یا گرم پانی کے دیں۔ ایک یا دو ہی خوراک سے درد سر غائب ہو گا۔

حب زہر مہرہ :۔ زہر مہرہ خطائی۔ ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ کافور۔ کونین ہر ایک ۳ ماشہ۔ لعاب اسبغول کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک :۔ اور صبح دوپہر اور شام کو ایک ایک گولی استعمال کرائیں۔ صفراوی تپ ولرزہ دفع ہوتا ہے۔

حب اکسیر ۔ برائے یرقان اطفال۔

کافور۔ ست گلو۔ زہرہ سفید۔ شکر سفید۔ ہر ایک ا تولہ۔

اچھی طرح سحق کر کے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

خوراک:۔ صبح، دوپہر اور شام ایک ایک گولی بروز یکشنبہ سہ شنبہ پنجشنبہ کھلائیں اور غریبوں کو حسب طاقت تناول طعام کی ضیافت کریں۔

معجون مقوی باہ:۔ دافع جریان، احتلام۔ اور سرعت وغیرہ

نسخہ۔ تالمکھانا۔ موصلی سفید و سیاہ۔ اوٹنگن۔ ستاور۔ شقاقل بہمن سفید و سرخ۔ بیج بند۔ تخم پیاز۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ گوکھرو۔ الائچی خورد مغز تخم کدو۔ مغز پنبہ دانہ۔ بھنگرہ سفید۔ تخم بھنگ ہر ایک ایک تولہ۔ دارچینی، بہیڑہ چھلی۔ تعلب مصری۔ طباشیر۔ ترپھلہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ شہد سہ چند۔ اور بہ طریق معروف معجون بنائیں

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ رتی شامل کر کے ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حبوب ملین:۔ صبر زرد۔ عصارہ ریوند ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ پیس کر عرق گلاب میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک:۔ ۲ سے آٹھ تک دودھ یا عرق سونف کے ہمراہ دیں۔ **اطریفل ملین:۔** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ تربد سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ ریوند چینی۔ بادیان۔ مصطگی رومی اسطوخودوس ہر ایک پونے چار تولے۔ سقمونیا ولائتی ساڑھے سات تولے باریک کر کے روغن بادام میں چرب کر کے سہ گنا شہد کے ہمراہ

اطریفل بنائیں۔

خوراک :- ۹ ماشہ۔

حب قبض کشا :- صبر سقوطری نصف رتی۔ ہیراکسیس ۱/۲ تا ایک رتی۔ انہیں ایک گولی رات کو کھلائیں۔

دوائے مسہل :- پیٹ کے سدے خارج کرتی ہے۔ ہلیلہ نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ ریوند چینی نیم کوفتہ ۴ ماشہ پانی ۸ تولے۔ ان دونوں دواؤں کو پانی میں جوش دے کر تمام کا تمام ایک وقت پلائیں۔

اطریفل غددی :- ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ افتیمون ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تربد سفید مجوف۔ سنائے مکی ہر ایک ۲ تولہ ۴ رتی۔ غاریقون۔ ریشباد۔ شیطرج۔ نوشادر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ انیسون زرقہ۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ مصطگی رومی۔ نسپی ہوئی ہر ایک ۲ ماشہ۔ بکری کی گردن کی خشک شدہ گلٹیاں ا تولہ ۴ رتی۔ بسفائج فستقی۔ اسطوخودوس ہر ایک ایک تولہ ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ۳ گنہ شہد میں ملا کر اطریفل بنائیں۔

فوائد :- خنازیر اور کنٹھ مالا کو مفید ہے۔ فضلات دماغی اور سوداوی کو نکالتا ہے۔

خوراک :- ایک تولہ ہمراہ عرق سونف ۱۲ تولہ کھلائیں

پرہیز :- غلیظ غذاؤں مثلاً مسور۔ لوبیا وغیرہ سے قطعاً

پرہیز کریں۔

برود کافوری:۔ سنگ بصری ایک تولہ۔ کافور ۴ ماشہ ملاکر کھرل کریں۔ اور کپڑے میں چھان کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں

فوائد:۔ آنکھ کی سرخی اور ان کی گرمی کو زائل کرتا ہے۔ ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔

استعمال:۔ صبح۔ دوپہر اور شام کو سرمے کی طرح آنکھوں میں لگائیں۔

توتیائے کبیر:۔ سنگ بصری ۲ تولہ۔ ورک طلاء ۳ ماشہ قرنفل، گرد۔ مردار سنگ شستہ ہر ایک ایک ماشہ۔

فوائد:۔ اعضائے رئیسہ کو قوی کرتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کے لئے مفید ہے۔ دستوں کی شکایت دور کرنے میں عجیب الاثر اور نہایت سریع الاثر ہے۔

خوراک:۔

ترکیب:۔ اول سنگ بصری کو گرم کر کے گائے کے پیشاب میں ایک سو ایک مرتبہ بجھائیں۔ اور کوئلہ کی آنچ پر سرخ کر کے پانی میں بجھا کر اس کا پوست دور کریں۔ پھر سب دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور مسکہ بقدر حاجت ملاکر عرق لیموں کاغذی میں اس قدر کھرل کریں کہ چکناہٹ دور ہو جائے۔ اس کو خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

تمت

ہندوستان میں

ماہنامہ ترجمانِ طب مصوّر

کا سالانہ چندہ

مبلغ چار روپے معہ سالانامہ (اشـ

حکیم دوارکا داس صاحب مہرہ ایڈیٹر

حویلی جمعدار کوچہ دیال سنگھ امرتسر (پنجاب)

کو

ارسال کر کے رسید ہمیں فوراً بھیج دیں تاکہ آپ کے نام رسالہ جاری کر دیا جائے اور سالانامہ بذریعہ رجسٹری روانہ کر دیا جائے۔

نوٹ: حکیم ڈاکٹر ہری سنگھ صاحب گوڑگانواں و ڈپٹی دہلی کے نام کوئی صاحب چندہ نہ بھیجیں۔ دفتر ان کے نام وصول شدہ رقم کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

جنرل منیجر: ماہنامہ ترجمان طب پوہرٹ بازار دہلی۔ ۱ر جنوری ۵۷ء۔

کلیاتِ احسانی مصوّر طبع چہار

یہ دورِ حاضر کا بلند پایہ طبی فارماکوپیا ہے۔ جس پر
یونانی اطبا بجا طور پہ ناز اور فخر کر سکتے ہیں اس کی
ترتیب میں ہند و پاک کے اعلیٰ ترقی یافتہ طبی خانوادوں
کے چشم و چراغ نے حصہ لیا ہے اور ادارہ ترجمان طب
نے آنے والی نسلوں کے لئے ایک بیش قیمت مجربات
ذخیرہ مہیا کر دیا ہے۔ ضخامت ۵۵۴ صفحات کے قریب
ہے۔ قیمت غیر مجلد پانچ روپیے۔ مجلد سنہری چھ روپیے
علاوہ محصول ڈاک و پیکنگ۔ آج ہی آرڈر دیکر منگائیے

ملنے کا پتہ

منیجر دواخانہ حکیم ابوتراب خان (شعبہ کتب) بوہڑ بازار راولپنڈی

مغربی پاکستان